Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ
عوام کی بے ساختہ للکار
ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد: 14 | ہفتہ، 08 اپریل 2023ء، 17 رمضان المبارک 1444ھ، قیمت 20 روپے | شمارہ: 02

اشتعال انگیز اور منافرت پھیلانے والی تقاریر اور بیانات کی نشر واشاعت ممنوع قرار دی گئی ہے، پابندیوں کا اطلاق میڈیا اداروں کے سوشل میڈیا اکاؤنٹس پر بھی ہوگا

الیکشن کمیشن نے انتخابات سے متعلق میڈیا ضابطہ اخلاق 2023 جاری کر دیا

امیدواروں کیلئے سرکاری جماعتوں کے اشتہارات کی رقوم کی تفصیلات الیکشن کمیشن کو فراہم کرنا لازمی ہوگا، پولنگ سے 48 گھنٹے قبل میڈیا پر بھی انتخابی مہم چلانے کی پابندی ہوگی

صنفی، مذہبی، علاقائی، برادری امتیاز کی بنیاد پر نفرت انگیز مواد کی تشہیر پر بھی پابندی ہوگی، امیدواروں کے ایک دوسرے پر الزامات کی نشر واشاعت سے پہلے دوسرے فریق کا مؤقف لینا ضروری قرار دیا گیا ہے

اسلام آباد(خصوصی خبر نگار)الیکشن کمیشن آف پاکستان نے انتخابات سے متعلق میڈیا ضابطہ اخلاق 2023 جاری کردیا جس کے تحت پاکستان کے نظریہ، سلامتی اور خودمختاری کے منافی مواد شائع یا نشر نہیں ہوگا۔ میڈیا ضابطہ اخلاق کے مطابق عدلیہ کی آزادی اور ساکھ کو نقصان پہنچانے والے مواد کی بھی اجازت نہیں ہوگی، اشتعال انگیز اور منافرت پھیلانے والی تقاریر اور بیانات کی نشر واشاعت ممنوع قرار دی گئی ہے، پابندیوں کا اطلاق میڈیا اداروں کے سوشل میڈیا اکاؤنٹس پر بھی ہوگا۔ صنفی، مذہبی، علاقائی، برادری امتیاز کی بنیاد پر نفرت انگیز مواد کی تشہیر پر بھی پابندی ہوگی، امیدواروں کے ایک دوسرے پر الزامات کی نشر واشاعت سے پہلے دوسرے فریق کا مؤقف لینا ضروری قرار دیا گیا ہے، سرکاری خرچ پر امیدواروں اور سیاسی جماعتوں کی تشہیر پر بھی پابندی عائد کی گئی ہے۔ امیدواروں کیلئے سرکاری جماعتوں کے اشتہارات کی رقوم کی تفصیلات الیکشن کمیشن کو فراہم کرنا لازمی ہوگا، پولنگ سے 48 گھنٹے قبل میڈیا پر بھی انتخابی مہم چلانے کی پابندی ہوگی، پولنگ سٹیشنز میں داخلہ ایکریڈیشن کارڈز دکھا کر ہوگا۔ مزید برآں ووٹ سیکریسی کا احترام بھی لازمی قرار دیا گیا ہے، پولنگ ختم ہونے کے ایک گھنٹے بعد ہی نتائج کے اعلان کی اجازت ہوگی۔ امیدواروں کے ایک دوسرے پر الزامات کی نشر واشاعت سے پہلے دوسرے فریق کا مؤقف لینا ضروری قرار دیا گیا(بقیہ نمبر 1)

شاہد خاقان عباسی نے ججز کے خلاف ریفرنس دائر کرنے کی مخالفت کر دی

حکومت کو ججز کے خلاف ریفرنس دائر نہیں کرنا چاہیے، مجھے نہیں پتہ حکومت کن گراؤنڈ پر سوچ رہی ہے، شاہد خاقان عباسی

اسلام آباد(خبر نگار) پاکستان مسلم لیگ ن کے رہنما شاہد خاقان عباسی کا کہنا ہے کہ وہ نواز شریف کی رائے کا احترام کرتے ہیں لیکن میری رائے میں ججز کے خلاف ریفرنس دائر نہیں ہونا چاہیے۔ انہوں نے سینئر صحافی اعزاز سید سے بات کرتے ہوئے کہا کہ(بقیہ نمبر 4)

گزشتہ روز منظور ہونے والی قرارداد کی جگہ ردی کی ٹوکری میں ہے، اسد عمر

گزشتہ روز قومی اسمبلی میں دھواں دھار تقاریر کی گئیں، 342 کے ایوان میں صرف 42 لوگوں نے قرارداد پر دستخط کئے

لاہور(خصوصی رپورٹر)تحریک انصاف کے جنرل سیکرٹری اسد عمر کا کہنا ہے کہ قومی اسمبلی میں گزشتہ روز جو قرارداد منظور کی گئی اس کی جگہ ردی کی ٹوکری میں ہے، سپریم کورٹ کا فیصلہ ریاست کا فیصلہ ہے۔ اسد عمر نے میڈیا سے گفتگو میں کہا ہے کہ گزشتہ روز قومی اسمبلی(بقیہ نمبر 3)

حکمران الیکشن سے بھاگنے کیلئے ہر حربہ آزما رہے ہیں، پرویز الٰہی

نگران حکومت سوائے الیکشن کرانے کے وہ سب کام کر رہی ہے جو اس کے دائرہ اختیار میں نہیں آتے، پرویز الٰہی

لاہور(خصوصی خبر نگار) سابق وزیر اعلیٰ پنجاب و مرکزی صدر پاکستان تحریک انصاف چودھری پرویز الٰہی نے کہا ہے کہ حکمران ہر وہ حربہ آزما رہے ہیں جس سے وہ الیکشن سے بھاگ سکیں۔ سابق وزیر اعلیٰ پنجاب سے سپیکر خیبر پختونخوا اسمبلی مشتاق احمد غنی(بقیہ نمبر 2)

فورم نے ملکی سلامتی اور استحکام کے لئے سب کو ملکر اپنا کردار ادا کرنے پر زور دیتے عزم ظاہر کیا کہ اندرونی خلفشار اور قوم کو تقسیم کرنے کی سازش کسی صورت کامیاب نہیں ہونے دی جائیگی

قومی سلامتی کمیٹی کا ملکی سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہ کرنے کا عزم

قومی سلامتی کمیٹی نے ملک میں دہشتگردی کے خلاف آپریشن جاری رکھنے اور اسے مزید تیز کرنے پر اتفاق کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملکی اندرونی و بیرونی سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا

اجلاس میں ڈی جی آئی ایس آئی، ڈی جی آئی بی، ڈی جی ایم آئی اور ڈی جی ایم او سمیت دیگر عسکری اور سویلین حکام بھی شریک ہوئے جبکہ اجلاس میں کمیٹی ممبران اور چاروں صوبوں وزرائے اعلیٰ بھی خصوصی طور پر شریک تھے

ملک میں عام انتخابات ایک ہی روز کرانے سے متعلق صوبوں کی رائے لی گئی جبکہ حساس اداروں کے سربراہان نے قومی سلامتی، سکیورٹی سے متعلق جبکہ متعلقہ وزارتوں کے سیکرٹریز نے فنڈز کی فراہمی اور دیگر معاملات پر بریفنگ دی۔

اسلام آباد(نمائندہ خصوصی) قومی سلامتی کمیٹی نے ملک میں دہشتگردی کے خلاف آپریشن جاری رکھنے اور اسے مزید تیز کرنے پر اتفاق کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملکی اندرونی و بیرونی سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ وزیراعظم شہباز شریف کی سربراہی میں وزیراعظم ہاؤس میں قومی سلامتی کمیٹی کا 41واں اجلاس 2 گھنٹے تک جاری رہا جس میں چیئرمین جوائنٹ چیفس آف سٹاف کمیٹی سمیت تینوں مسلح افواج کے سربراہان، اطلاعات، دفاع، خزانہ، خارجہ اور وزارت داخلہ کے وزرا شریک ہوئے(بقیہ نمبر 5)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف اعلیٰ سطح اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

عمران خان کی پیشی کی کوریج روکنے پر پیمرا سے جواب طلب

اسلام آباد(سٹی رپورٹر) چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کی پیشی کی کوریج روکنے کے پیمرا کے حکم کے خلاف کیس کی سماعت اسلام آباد ہائیکورٹ میں ہوئی، جس میں عدالت نے پیمرا کو نوٹس(بقیہ نمبر 6)

فلسطینی مسلمانوں پر اسرائیلی مظالم اب حد سے بڑھ گئے ہیں، سید ندیم عباس بخاری

پاکستانی قوم فلسطینی بھائیوں کے ساتھ کھڑی ہے فلسطینیوں کو صورت تنہا نہ چھوڑیں گے

گوجرخان(قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق مسلم لیگ یوتھ ونگ ن راولپنڈی ڈویژن کے سابق صدر سید ندیم عباس بخاری مرکز انجمن آڑھتیاں گوجرخان کے صدر راجہ سجاد سلیم حیدر المعروف کالا مرکزی انجمن تاجراں گوجرخان کے سینئر نائب صدر حاجی عبدالغفار قریشی انجمن شہریاں(بقیہ نمبر 7)

نازیہ جبیں کے زیر صدارت کلچرل ریویو کمیٹی کا اجلاس

اجلاس میں زبان وادب، تہذیب وتمدن، پنجاب بھر کے ثقافتی حسن کا جدید ذرائع ابلاغ کی خدمات بروئے کار لانے پر زور دیا گیا

بچوں کے لئے ثقافتی سرگرمیوں میں اضافہ کیا جائے، پپٹ شو، قصہ خوانی، بچوں کے ادب کی اشاعت ممکن بنائی جائے، نازیہ جبیں

لاہور(سٹاف رپورٹر)ایڈیشنل سیکرٹری ثقافت پنجاب نازیہ جبیں کے زیر صدارت کلچرل ریویو کمیٹی کا اجلاس ہوا۔ اجلاس میں زبان وادب، تہذیب و تمدن، پنجاب بھر کے ثقافتی حسن کا جدید ذرائع ابلاغ کی خدمات بروئے کار لانے پر زور دیا گیا۔ ایڈیشنل سیکرٹری ثقافت پنجاب نازیہ (بقیہ نمبر 8)

پیمرا اتھارٹی کا 176واں اجلاس
اتھارٹی نے آئی پی ٹی وی لائسنسز کی بذریعہ بولی اجراء کی منظوری دیدی

اجلاس آج مؤرخہ 6 اپریل 2023ء کو چیئرمین پیمرا محمد سلیم بیگ کی زیر صدارت پیمرا ہیڈکوارٹرز اسلام آباد میں منعقد ہوا

پرائیویٹ لمیٹڈ لاہور کی مینجمنٹ میں تبدیلی اور کمپنی میں نئے چیف ایگزیکٹو آفیسر، ڈائریکٹرز و شیئر ہولڈرز کو شیئرز کی منتقلی کی درخواست منظور کر لی

اسلام آباد(سٹاف رپورٹر) پیمرا اتھارٹی کا 176واں اجلاس آج مؤرخہ 6 اپریل 2023ء کو چیئرمین پیمرا محمد سلیم بیگ کی زیر صدارت پیمرا ہیڈکوارٹرز اسلام آباد میں منعقد ہوا۔ اتھارٹی نے اپنے گزشتہ 175ویں اجلاس کے فیصلوں پر عملدرآمد کا جائزہ لیا۔ پیمرا اتھارٹی نے(بقیہ نمبر 12)

الیکشن کمیشن آف پاکستان
ELECTION COMMISSION OF

اسلام آباد: الیکشن کمیشن نے انتخابات سے متعلق میڈیا ضابطہ اخلاق 2023 جاری کر دیا

عمران خان کیخلاف ایک اور پرچہ کٹ گیا

ایف آئی آر اسلام آباد کے تھانہ رمنا میں مجسٹریٹ کی مدعیت میں درج کی گئی

اسلام آباد(اسپیشل رپورٹر) عمران خان کیخلاف ایک اور پرچہ کٹ گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق چیئرمین تحریک انصاف عمران خان کیخلاف مقدمات درج کرنے کا سلسلہ جاری ہے(بقیہ نمبر 13)

لاہور: حکمران الیکشن سے بھاگنے کے لیے ہر حربہ آزما رہے ہیں، پرویز الٰہی

امیر البحر کی زیر صدارت نیول ہیڈکوارٹرز اسلام آباد میں کمانڈ اینڈ اسٹاف کانفرنس کا انعقاد

خطے میں قومی سلامتی، جیوسٹریٹجک امور، جنگی تیاریوں اور جوانوں کی تربیت سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا

چیف آف دی نیول اسٹاف کی سربراہی میں پرنسپل اسٹاف آفیسرز اور فیلڈ کمانڈرز پاکستان نیوی کی پالیسیوں اور منصوبوں کا جائزہ لیتے ہیں

اسلام آباد(خصوصی خبر نگار) پاک بحریہ کی کمانڈ اینڈ اسٹاف کانفرنس نیول ہیڈ کوارٹرز اسلام آباد میں اختتام پذیر ہوئی۔ کانفرنس کی صدارت چیف آف دی نیول اسٹاف ایڈمرل محمد امجد خان نیازی نے کی۔ کانفرنس کے دوران خطے میں بدلتی ہوئی سمندری صورتحال کا جائزہ اور قومی سلامتی، جیوسٹریٹجک امور، جنگی تیاریوں اور جوانوں کی تربیت سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا . علاوہ ازیں ,پاک بحریہ کے جاری منصوبوں اور آئندہ لائحہ عمل کا بھی جائزہ لیا گیا .نیول چیف نے پاکستان کے خلاف کسی بھی ممکنہ جارحیت کا مؤثر انداز سے مقابلہ کرنے کے لیے مستقل جنگی تیاریوں کو برقرار رکھنے کی اہمیت پر زور دیا اور جدید ٹیکنالوجیز کے حصول کے ذریعے صلاحیتوں میں اضافے کے لیے کیے جانے والے اقدامات کو سراہا۔ نیول چیف نے ملکی بحری سرحدوں(بقیہ نمبر 11)

چیف آف دی نیول اسٹاف کی سربراہی میں پرنسپل اسٹاف آفیسرز اور فیلڈ کمانڈرز پاکستان نیوی کی پالیسیوں اور منصوبوں کا جائزہ لیتے ہیں

ملک بھر میں کورونا وائرس کے 53 کیس رپورٹ

ملک کے مختلف شہروں میں 24 گھنٹوں کے دوران کئے گئے، این آئی ایچ

اسلام آباد(رانا فہد سے) ملک بھر میں 24 گھنٹوں کے دوران کورونا وائرس کے 53 کیس رپورٹ ہوئے اور 13 مریضوں کی حالت تشویش ناک ہے۔ جمع کو قومی ادارہ (بقیہ نمبر 9)

لاہور میں کورونا وائرس پھیلنا شروع، سرکاری ہسپتالوں میں مریض بڑھنے لگے

شہر میں 24 گھنٹے کے دوران 11 کیس رپورٹ ہوئے، محکمہ صحت عامہ کی رپورٹ

لاہور(جنرل رپورٹر) لاہور میں ایک بار پھر کورونا وائرس پھیلنا شروع ہوگیا جس کے باعث سرکاری ہسپتالوں میں مریضوں کی تعداد بڑھ رہی ہے۔ ذرائع کے مطابق لاہور میں 24 گھنٹے کے دوران 11 کیس رپورٹ ہوئے اور دو ہفتوں کے دوران 5 مریض دم توڑنے کی اطلاعات بھی ہیں(بقیہ نمبر 10)

زمان پارک آپریشن: عدالت کی پی ٹی آئی رہنماؤں کو جے آئی ٹی کے سامنے پیش ہونے کی ہدایت

لاہور(خصوصی رپورٹر)لاہور کی انسداد دہشت گردی عدالت نے پی ٹی آئی کے سیکریٹری جنرل اسد عمر رہنماؤں کو پی ٹی آئی کے حامیوں اور پنجاب پولیس کے درمیان 18 مارچ کو زمان پارک(بقیہ نمبر15)

اپنے ہر عمل کو اتباع رسالت ﷺ میں ڈھال لیں ہم اس حد تک چلے گئے ہیں

ہم حلال وحرام کی تمیز کیے بغیر مال اکٹھا کرنے میں لگے ہیں امیر عبدالقدیر اعوان شیخ

تحصیل رپورٹر(قمر شہزاد)رمضان المبارک کا دوسرا عشرہ ہے اور ضرورت امر کی ہے کہ ان مبارک ساعتوں میں جو ہم دعوی ایمانی رکھتے ہیں کیا اس دعوے میں اتنی قوت ہے کہ (بقیہ نمبر 14)

جسٹس اطہر من اللہ کا اختلافی نوٹ عدالتی کارروائی پر سوالیہ نشان ہے، مریم اورنگزیب

چیف جسٹس کو استعفی دینا چاہئے، متنازعہ بینچ اس پٹیشن پر بنایا گیا جو ڈس مس ہو چکی تھی، اب الیکشن کا نہیں بینچ فکسنگ کا معاملہ ہے

اسلام آباد میں نیوز کانفرنس کرتے ہوئے وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات کا کہنا تھا کہ جسٹس اطہر من اللہ کا آج آنے والا فیصلہ بڑا اہم ہے

اسلام آباد(نمائندہ خصوصی)وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ جسٹس اطہر من اللہ کا اختلافی نوٹ عدالتی کارروائی پر سوالیہ نشان ہے، چیف جسٹس کو استعفی دینا چاہئے، متنازعہ بینچ اس پٹیشن پر بنایا گیا جو ڈس مس ہو چکی تھی، اب الیکشن کا نہیں بینچ فکسنگ کا(بقیہ نمبر 16)

جسٹس اطہر من اللہ نے بھی 90 دن کے اندر الیکشن کے اصول کو تسلیم کیا ہے، فواد چوہدری

90 روز میں الیکشن سے متعلق جسٹس اطہر من اللہ نے لاہور ہائیکورٹ کے فیصلے کا حوالہ دیا ہے، رہنماء تحریک انصاف

سیکشن غیر آئینی قرار دیے جانے کے اگلے دن اسلام آباد پولیس نے عمران خان کے خلاف اسی دفعہ کے تحت ایف آئی آر درج کر لی

لاہور(خبر نگار)تحریک انصاف کے مرکزی سینئر نائب صدر اور سابق وفاقی وزیر فواد چودھری نے کہا ہے کہ جسٹس اطہر من اللہ نے بھی نوے دن کے اندر انتخابات کے اصول کو تسلیم کیا ہے۔ مائیکرو بلاگنگ ویب سائٹ ٹوئٹر پر اپنے پیغام میں فواد چودھری نے کہا کہ 90 روز میں الیکشن سے متعلق(بقیہ نمبر19)

اپسما راولپنڈی کے ڈویژنل صدر ابرار احمد خنا، عدنان، شاہد یوسف، اور دیگر معززین کا نیشنل پریس کلب اسلام کے نو منتخب صدر انور رضا اور ایف، یو، جے کے صدر افضل بٹ کو مبارکباد پیش کر رہے ہیں

ایوان بالا نے سینیٹر رانا محمود الحسن کی گرفتاری سے متعلق تحریک استحقاق متعلقہ قائمہ کمیٹی کو بھجوا دی

اسلام آباد(رانا فہد سے)ایوان بالا نے سینیٹر رانا محمود الحسن کی گرفتاری سے متعلق (بقیہ نمبر 17)

آل پاکستان پرائیویٹ سکولز مینجمنٹ ایسوسی ایشن کے وفد نے ابرار احمد خان ڈویژنل صدر اپسما راولپنڈی کی قیادت میں نیشنل پریس کلب صدر کو مبارکباد

راولپنڈی(عبدالرحمان سے)آل پاکستان پرائیویٹ سکولز مینجمنٹ ایسوسی ایشن کے وفد نے ابرار احمد خان ڈویژنل صدر اپسما(بقیہ نمبر 23)

یتیم بچوں کی سرپرستی کر کے مستقبل کا کامیاب فرد بنایا جاسکتا ہے

والد کے سائے سے محروم لاکھوں بچوں کی تعلیم وتربیت کر کے ذمہ دار شہری بنایا جاسکتا ہے

ڈگری(رپورٹ محمد عاصم آرائیں) یتیم بچوں کی سرپرستی کر کے مستقبل کا کامیاب فرد بنایا جاسکتا ہے۔ باہمت مائیں بچوں کے اخلاق و کردار سنوارنے اور انہیں تعلیم کے زیور سے(بقیہ نمبر 24)

صحت کی سہولیات کی فراہمی ہر انسان کا بنیادی حق ہے، نگران صوبائی وزراء

عوام کو صحت کی بنیادی سہولیات کی فراہمی کے دعوے نہیں حقیقی معنوں میں یقینی بنانا ہوگا

لاہور(جنرل رپورٹر نگران صوبائی وزراء صحت ڈاکٹر جاوید اکرم اور ڈاکٹر جمال ناصر نے فاطمہ جناح میڈیکل یونیورسٹی میں صحت کے عالمی دن کی مناسبت سے منعقدہ آگاہی سیمینار میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر وائس چانسلر فاطمہ جناح میڈیکل یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر خالد مسعود گوندل، پرو وائس چانسلر پروفیسر کامران، پروفیسر منزہ، پروفیسر نورین اکمل، پروفیسر منزہ قیوم، پروفیسر بلقیس شبیر ، پروفیسر شمسہ، پروفیسر نوید، اسسٹنٹ پروفیسر حافظ ڈاکٹر شاہد لطیف، عالمی ادارہ صحت سے ڈاکٹر یحییٰ گلزار اور بل گیٹس فاؤنڈیشن سے ڈاکٹر نعیم مجید نے بھی شرکت کی۔ وائس چانسلر (بقیہ نمبر 18)

دیر لوئر، عوامی شکایات پر غیر معیاری پاپڑ، چپس کے خلاف کاروائی

دیر لوئر، (نیوز رپورٹر) ڈپٹی کمشنر دیر پائین افتخار احمد کی ہدایات کی روشنی میں اسسٹنٹ کمشنر تیمرگرہ شہزاد خان نے ناقص وغیر معیاری سلانٹی، چپس اور پاپڑ فروخت کرنے والے دکانداروں کے خلاف کاروائی کی۔ غیر معیاری پاپڑ/چپس کو (بقیہ نمبر21)

شہداء کو قوم کا سلام، سانحہ سیاچن گیاری سیکٹر کو 11 سال بیت گئے

برفانی تودہ گرنے سے 129 فوجیوں، 11 شہریوں نے جام شہادت نوش کیا تھا

سانحہ گیاری کے بعد ہونے والا تاریخی آپریشن ہمیشہ عزم وہمت کی شاندار مثال رہے گا

لاہور(غلام عباس سے) سیاچن کے گیاری سیکٹر کے سانحے کو 11 سال بیت گئے لیکن قدرتی آفت کے نتیجے میں شہید ہونے والوں کی یادیں آج بھی تازہ ہیں۔ یاد رہے کہ گیاری کے مقام پر سیاچن گلیشیئر کا شمار دنیا کی سب سے بلند ترین دفاعی چوٹیوں میں ہوتا ہے۔ 7 اپریل 2012ء کا دن(بقیہ نمبر 20)

اورنگی پائپ ایجنسی کی جانب سے رمضان کرکٹ کا انعقاد

ٹورنامنٹ کا انعقاد ہر سال پورے ماہِ رمضان میں کیا جاتا ہے

کراچی (اسپورٹس رپورٹر) ماہ رمضان المبارک کے آغاز کے ساتھ ہی کراچی میں مختلف مقامات پر رمضان کرکٹ ٹورنامنٹس کا انعقاد کیا جاتا ہے۔ اسی ضمن میں اورنگی پائپ ایجنسی کی جانب سے بھی ایک شاندار رمضان کرکٹ ٹورنامنٹ کا انعقاد کیا گیا ہے، جس میں علاقے کی 12 باصلاحیت ٹیمیں اپنے فن کے جوہر دکھانے میں مصروف ہیں۔ ٹورنامنٹ کا انعقاد ہر سال ماہِ رمضان میں کیا جاتا ہے(بقیہ نمبر 22)

ایوان بالا نے قران پاک کی اغلاط سے پاک طباعت، ریکارڈنگ بل 2023 منظور کر لیا

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) ایوان بالا نے قران پاک کی اغلاط سے پاک طباعت، ریکارڈنگ بل 2023 منظور کرلیا۔ جمعہ کو ایوان بالا کے اجلاس میں وزیرمملکت برائے قانون وانصاف سینیٹر شہادت اعوان نے قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ (بقیہ نمبر 28)

سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے تجارت کا اجلاس

اجلاس چیئرمین کمیٹی سینیٹر ذیشان خانزادہ کی صدارت میں پارلیمنٹ ہاؤس میں منعقد ہوا

سینیٹر دنیش کمار نے کہا کہ ادارے کی جانب سے ورکنگ پیپرز آج صبح فراہم کیے گئے ہیں

اسلام آباد(خصوصی رپورٹر) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے تجارت کا اجلاس چیئرمین کمیٹی سینیٹر ذیشان خانزادہ کی صدارت میں پارلیمنٹ ہاؤس میں منعقد ہوا۔ قائمہ کمیٹی کے اجلاس میں سینیٹر فیصل جاوید کے کاپی رائٹ ترمیمی بل 2023 کے علاوہ ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی کی جانب سے برآمدات (بقیہ نمبر 26)

نیا تعلیمی سیشن شروع ہوئے ایک ہفتہ ہوگیا لیکن محکمہ تعلیم پنجاب تاحال سرکاری سکولوں میں مفت کتابیں فراہم نہ کرسکا

فیصل آباد(جنرل رپورٹر) سرکاری سکولز میں طلبہ کو مفت کتابیں فراہم کی جاتی ہیں لیکن رواں سال نیا تعلیمی سیشن شروع ہوئے ایک ہفتہ ہوگیا لیکن محکمہ تعلیم پنجاب تاحال سرکاری سکولوں (بقیہ نمبر 29)

گارڈین عدالت لاہور کا 2 بچوں کا نام ای سی ایل میں ڈالنے کا حکم

گارڈین جج کے پاس بچوں کے نام ای سی ایل میں ڈالنے کا اختیار ہے' عدالت

عدالت نے حنین سلمان اور زوہان احمد کا نام ای سی ایل میں ڈالنے کا حکم دے دیا

لاہور(غلام عباس سے) گارڈین عدالت لاہور نے 2 نابالغ بچوں کا نام ایگزٹ کنٹرول لسٹ (ای سی ایل) میں ڈالنے کا حکم دے دیا-گارڈین عدالت لاہور کے جج محمد جاوید نے فیصلہ جاری کیا۔ مدعی سلمان خالق کی جانب سے بیرسٹر ردا انور نے پیش ہو کر بتایا کہ مدعی اور ان کی بیوی کے درمیان معاملہ طلاق تک پہنچ چکا ہے، 2 سالہ حنین اور ڈیڑھ سالہ زوہان کی حوالگی کا کیس زیر سماعت ہے، دونوں بچے کینیڈا کے شہری ہیں، خدشہ ہے کہ والدہ بچوں کو کینیڈا لیجا سکتی ہے، عدالت دونوں بچوں کا نام ای سی(بقیہ نمبر 27)

روزنامہ عوامی للکار پر ڈھوک سیداں گردونواح میں تجاوزات کیخلاف آواز اٹھانے پر چیف ایگزیکٹو آفیسر کینٹ بورڈ کا نوٹس

چیف ایگزیکٹو آفیسر عمران گلزار کی ہدایت پر انفورسمنٹ سپریڈنٹ عمر خان کا ڈھوک سیداں گردونواح میں گرینڈ آپریشن

ڈھوک سیداں، پیپلز کالونی، نیازی ٹاؤن، بائیس نمبر، ٹینچ بھاٹہ میں تجاوزات کیخلاف آپریشن، 3 ٹرک سامان ضبط

راولپنڈی(عبدالرحمان سے)راولپنڈی چیف ایگزیکٹو آفیسر عمران گلزار کی ہدایت پر انفورسمنٹ سپریڈنٹ عمر خان کا ڈھوک سیداں گردونواح میں گرینڈ آپریشن کنٹونمنٹ بورڈ انسداد تجاوزات کے خلاف آپریشن کے دوران 3 ٹرک سامان قبضہ میں لے لیا گیا۔ انفورسمنٹ سپریڈنٹ عمر خان کے مطابق کنٹونمنٹ بورڈ کا تجاوزات کے خلاف آپریشن بھرپور انداز میں جاری ہے اس سلسلہ میں انفورسمنٹ برانچ کے عملہ نے تجاوزات کے خلاف کینٹ کے مختلف علاقوں ڈھوک سیداں، پیپلز کالونی، نیازی ٹاؤن، بائیس نمبر، ٹینچ بھاٹہ میں تجاوزات کیخلاف آپریشن کیا گیا اور 3 ٹرک سامان ضبط کیا جن میں(بقیہ نمبر 25)

روزنامہ عوامی للکار پر ڈھوک سیداں گردونواح میں تجاوزات کیخلاف آواز اٹھانے پر چیف ایگزیکٹو آفیسر کینٹ بورڈ کا نوٹس

وکلا کنونشن سے سینئر نائب صدر ن لیگ مریم نواز خطاب کر رہی ہیں

میزبان بیرسٹر دانیال چوہدری، وفاقی وزیر رانا ثنا اللہ، وفاقی وزیراعظم نذیر تارڑ دیگر موجود ہیں

راولپنڈی (اسپیشل رپورٹر) راولپنڈی جوڈیشل کمپلیکس مسلم لیگ ن لائرز ونگ کے زیر اہتمام وکلا کنونشن سے مسلم لیگ ن کی چیف آرگنائزر اور سینئر نائب صدر مریم نواز خطاب کر رہی ہیں جبکہ میزبان بیرسٹر دانیال چوہدری، وفاقی وزیر رانا ثنا اللہ، وفاقی وزیراعظم نذیر تارڑ، وفاقی وزیر مریم اورنگزیب اور مسلم لیگ ن لائرز فورم کے سینئر نائب صدر راولپنڈی ڈویژن چوہدری آصف علی سٹیج پر موجود ہیں۔

راولپنڈی: وکلا کنونشن سے مسلم لیگ ن کی چیف آرگنائزر اور سینئر نائب صدر مریم نواز خطاب کر رہی ہیں

Email- info@awamilalkaar.com
عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار

اشاعت خاص

ترقی کا سفر جاری

☆☆☆صحت مند سرگرمیوں کے فروغ میں رمضان المبارک سپورٹس سیریز کا آغاز☆☆☆

☆☆☆سڑکوں کو ٹوٹ پھوٹ سے بچانے کے لئے فوری اور پائیدار اقدامات شروع☆☆☆

نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے صوبے میں بہترین اقدامات سے تاریخ اپنے نام کرلی

بادشاہی مسجد کی تزئین وآرائش وبحالی پراجیکٹ کی طرف پیش قدمی

معیاری میونسپل سروسز کی فراہمی کے لئے ڈیجیٹل بلدیہ کا نظام متعارف

پنجاب حکومت کا عالمی بینک کے تعاون سے پنجاب کلین ایئر پالیسی اور ایکشن پلان پر عملدرآمد

دریائے راوی کے کنارے عالمی معیار کے مطابق نیا شہر آباد کرنے کی تیاری

پنجاب کے ہسپتالوں کی تعمیرومرمت اور توسیع کے پراجیکٹ ترجیحی بنیادوں پر مکمل کرنے کا حکم

تحریر: ناظم الدین
ڈائریکٹر تعلقات عامہ پنجاب

نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی کی زیرصدارت وزیراعلیٰ آفس میں خصوصی اجلاس منعقد ہوا جس میں نگران وزیراعلیٰ محسن نقوی نے ”رمضان المبارک سپورٹس سیریز“ کی منظوری دی۔ محسن نقوی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نوجوانوں کو کھیل کی طرف راغب کرکے ان کی صلاحیتوں کو جلا بخشنا چاہتے ہیں۔ کھیل کے مقابلوں میں زیادہ سے زیادہ نوجوانوں کو شرکت کے مواقع فراہم کیے جائیں گے۔ سپورٹس کا فروغ حکومت پنجاب کی ترجیحات میں سرفہرست ہے۔ ”رمضان المبارک سپورٹس سیریز“ میں فٹبال، ٹیبل ٹینس، بیڈمنٹن، ہاکی، کبڈی اور کرکٹ کے مقابلے ہوں گے۔ بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ مقابلوں میں پنجاب بھر کے 9 ڈویژن کی ٹیمیں حصہ لیں گی۔ سپورٹس مقابلے سپانسرڈ ہوں گے، سرکاری فنڈ خرچ نہیں کیا جائے گا۔ ونر ٹیموں کو 85 لاکھ روپے کے انعامات دیئے جائیں گے۔ کرکٹ، ہاکی، کبڈی، بیڈمنٹن، فٹبال اور ٹیبل ٹینس کے ونر کو 2،2 لاکھ روپے کیش پرائز دیا جائے گا۔ ہاکی کے مقابلے منی ہاکی سٹیڈیم میں 7 سے 11 اپریل تک روزانہ رات کو منعقد ہوں گے۔ فٹبال اور کبڈی کے مقابلے پنجاب فٹبال سٹیڈیم، ٹیبل ٹینس کے مقابلے سپورٹس جمنیزیم میں ہوں گے۔ بیڈمنٹن کے مقابلے انٹرنیشنل جمنیزیم ہال اور کرکٹ کے مقابلے ایل سی سی اے کرکٹ گراؤنڈ میں منعقد ہوں گے۔ رمضان سپورٹس مقابلوں میں 57 ٹیموں کے 903 کھلاڑی اور آفیشلز شرکت کریں گے۔ نگران وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر رمضان سپورٹس ایونٹس 2023 کا شیڈول تیار کرلیا گیا ہے۔ جس کے مطابق 7 تا 11 اپریل نشتر کمپلیکس میں چھے رمضان نائٹ سپورٹس ایونٹس ہونگے۔ ٹیپ بال کرکٹ میں لاہور کی تمام ٹیمیں جبکہ باقی سپورٹس ایونٹس میں ڈویژن بھر کی ٹیمیں شرکت کرینگی۔۔ رمضان المبارک نائٹ ایونٹس میں ہاکی، کرکٹ، فٹبال، بیڈمنٹن، ٹیبل ٹینس، کبڈی کے کھیل شامل ہیں۔ لاہور سے انٹرنیشنل پاکستانی کھلاڑی تمام ایونٹس میں حوصلہ افزائی کیلئے شرکت کریں گے۔ 4 اپریل 2023 کو رمضان سپورٹس ایونٹس کیلئے سپانسرز کانفرنس کا انعقاد ہوا۔ نگران وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر مختلف کھیلوں کے فاتحین کو نقد انعامات دیئے جائینگے۔ رمضان المبارک سپورٹس ایونٹس سپانسرز کے ذریعے کریں گے۔ ہاکی سٹیڈیم، پنجاب سٹیڈیم، انڈور ہالز، نشتر کمپلیکس میں ایونٹس ہونگے۔

نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے محکمہ صحت کی کارکردگی اور خصوصی اقدامات کا جائزہ لیتے ہوئے پنجاب کے ہسپتالوں کی تعمیرومرمت اور توسیع کے پراجیکٹ ترجیحی بنیادوں پر مکمل کرنے کا حکم دیا ہے۔ انہوں نے ڈرپ اینڈ شفٹ کے ذریعے دل کے مریضوں کے بروقت علاج کے طریقے کار پر اظہار اطمینان کرتے ہوئے کہا ہے کہ سرکاری ہسپتالوں کے ایمرجنسی وارڈز کی سی سی ٹی وی کیمروں کے ذریعے مانیٹرنگ کی جائے گی۔ ویڈیو اور آڈیو ریکارڈنگ کیلئے مانیٹرنگ روم قائم کیا جائے گا۔ دوران ملازمت انتقال کرنیوالے ڈاکٹروں کے لواحقین کو مالی امداد دینے بارے حکمت عملی تیا کی جائے گی۔ ہیلتھ پروفیشنل الاؤنس میں اضافے کی تجویز پر غور کیا جائے گا۔ پنجاب کی جیلوں 52700 قیدیوں کی ہیلتھ سکریننگ کا عمل مکمل کرلیا ہے اور بیمار قیدیوں کے علاج کیلئے اقدامات شروع کردیئے ہیں۔ سپیشل ایجوکیشن کے 30 ہزار سپیشل بچوں کی ہیلتھ سکریننگ بھی مکمل کرلی گئی ہے۔ انہوں نے ہر تین ماہ کے بعد سکریننگ کرنے کی ہدایت بھی کردی ہے۔ حاملہ ماؤں کی ہسپتالوں میں منتقلی کیلئے مزید 200 ایمبولینسز مہیا کی جائے گی۔ چلڈرن ہسپتال لاہور کے ایمرجنسی وارڈ کی تعمیرومرمت اور بحالی کا پراجیکٹ جلد مکمل کیا جائے گا۔ پنجاب میں مریضوں کو محفوظ خون کی فراہمی کیلئے ”سیف بلڈ فار پنجاب“ پراجیکٹ لایا جارہا ہے۔ علامہ اقبال میموریل ٹیچنگ ہسپتال میں نجی اشتراک سے انجیوگرافی شروع کی جائے گی۔ میاں منشی ہسپتال لاہور میں الٹراساؤنڈ اور سٹاف ایوننگ شفٹ کا آغاز کردیا گیا ہے۔

عامر میر
نگران وزیراطلاعات ونشریات پنجاب

نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے ایکسل لوڈ مینجمنٹ کمیٹی کو ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ سڑکوں کو ٹوٹ پھوٹ سے بچانے کے لئے فوری اور پائیدار اقدامات کیے جائیں۔ اس سلسلہ میں انڈسٹری رولز 1996 اور موٹر وہیکل آرڈیننس 1965 میں ترامیم لائی جائیں گی۔ پنجاب کے منتخب بڑے روڈز پر ڈیجیٹل وزن کانٹے لگائے جائیں گے۔ محکمہ کمیونیکیشن اینڈ ورکس ٹرانسپورٹ کے ڈیجیٹل وزن کی پالیسی وضع کرے گا۔ عمل درآمد کیلئے پنجاب ہائی وے پولیس مال بردار گاڑیوں میں مقررہ وزن کی چیکنگ کرے گی۔ تکمیل مانیٹرنگ کیلئے ڈیجیٹل کنڈوں کو پی آئی ٹی بی کی ایپ سے منسلک کیا جائے گا۔ صوبہ بھر میں ہر مال بردار گاڑی کے وزن کا ڈیٹا متعلقہ ضلع کے ڈیلیش بورڈ تک براہ راست پہنچ جائے گا۔ کرشنگ پلانٹ، غلہ منڈیوں، سیمنٹ، شوگر اور فرٹیلائز فیکٹریوں او ردیگر انڈسٹریز کے ویٹ مشینوں کو پی آئی ٹی بی ایپ سے منسلک کیا جائے گا۔ پنجاب حکومت نے بادشاہی مسجد کی تزئین وآرائش و بحالی کا پراجیکٹ شروع کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر بادشاہی مسجد کی اصل حالت میں بحالی اور تزئین وآرائش کی جائے گی۔ والڈسٹی آف لاہور اتھارٹی اور دیگر اداروں کے اشتراک سے بادشاہی مسجد کی بحالی کا پراجیکٹ مکمل کیا جائے گا۔ بادشاہی مسجد لاہور کی تاریخ میں منفرد مقام رکھتی ہے اور یہ لاہور کی پہچان اور شناخت بن چکی ہے۔ مزارات پر زائرین کو بہترین سہولیات کی فراہمی اوّلین ترجیح ہے اور مزارات کی اصل طرزِ تعمیر کے مطابق بحال کرنے کیلئے اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ ایکشن پلان 2023ء کے مطابق محکمہ میں اصلاحات کی جا رہی ہیں جبکہ اوقاف کمرشل پالیسی کا اجراء کیا جائے گا۔ حکومت نے محکمہ اوقاف کو محصولات زر کی بروقت وصولی، وسائل میں اضافہ اور ان کا صحیح استعمال یقینی بنانے کی ہدایت کی ہے۔

وزیراعلیٰ پنجاب نے عوام کو مہیا کی جانے والی سروسز بہتر کرنے کے لئے متعدد تجاویز پر غور کرتے ہوئے متعلقہ محکمہ کو فوری ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ معیاری میونسپل سروسز کی فراہمی کے لئے ڈیجیٹل بلدیہ کا نظام متعارف کروایا جارہا ہے۔ شہریوں کے سماجی رویوں میں تبدیلی کے لئے تعلیم یافتہ نوجوانوں کو محکمہ بلدیات میں انٹرنشپ کروانے کا جائزہ لے رہے ہیں۔ ڈیجیٹل میڈیا کا موثر استعمال کرکے ہی عوام میں شہری زمہ داریوں کا شعور اجاگر کیا جا سکتا ہے۔ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت مصروف مقامات پر موبائل واش رومز بنانے پر غور کررہے ہیں۔ خصوصی افراد کے لئے کمرشل عمارتوں میں ریمپ کی تعمیر لازمی قرار دے دی گئی ہے۔ خصوصی افراد کے لئے علیحدہ پارکنگ مختص کرنا بھی لازمی قرار دے دیا گیا ہے۔ واٹر فلٹریشن پلانٹس کو باقاعدگی سے مرمت اور دیکھ بھال پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔

نگران وزیراعلیٰ محسن نقوی نے انوائرمنٹ پروٹیکشن کونسل کا 7 ویں اجلاس میں پنجاب کلین ائیر پالیسی کے تحت متعلقہ محکموں کے جامع ایکشن پلان کی بھی منظوری دی دیتے ہوئے کہا ہے کہ متعلقہ محکمے پنجاب کلین ائیر پالیسی پر عملدرآمد کیلئے تفصیلی ورکنگ پلان تیار کریں۔ پنجاب حکومت عالمی بینک کے تعاون سے پنجاب کلین ائیر پالیسی اور ایکشن پلان پر عملدرآمد کرے گی۔ اجلاس میں پنجاب پلاسٹک مینجمنٹ سٹریٹجی کی بھی منظوری دی گئی۔ پلاسٹک کی ری سائیکلنگ اور ری یوز کے حوالے سے فوری اقدامات کئے جائیں گے۔ پلاسٹک کی ری سائیکلنگ اور ری یوز کیلئے جدید ٹیکنالوجی متعارف کرائی جائے گی اور اس ضمن میں مراعات بھی دی جائیں گی۔ متعلقہ محکموں کی استعدادکار بڑھانے کیلئے بھرپور آگاہی مہم چلائی جائے گی۔ پنجاب کلین ائیر پالیسی اور پنجاب پلاسٹک مینجمنٹ سٹریٹجی کے اہم خدوخال کے بارے میں آگاہی دی گئی۔ وزیراعلیٰ کی ہدایت پر پنجاب کلین ائیر پالیسی اور پنجاب پلاسٹک مینجمنٹ سٹریٹجی اور متعلقہ محکموں کے جامع ایکشن پلان کی بھی منظوری دی گئی۔ متعلقہ محکمے پالیسی پر عملدرآمد کیلئے تفصیلی ورکنگ پلان تیار کرینگے، عالمی بینک کے تعاون سے پالیسی متعارف کرائی جائیگی، مراعات دی جائینگی، محکموں کی استعدادکار بڑھائی جائیگی۔



نگران وزیراعلیٰ پنجاب سید محسن رضا نقوی

راوی اربن ڈویلپمنٹ کا منصوبہ ایک لاکھ تین ہزار پانچ سو ایکڑ پر رقبے پر محیط ہے، راوی اربن ڈویلپمنٹ اتھارٹی عالمی معیار کے انفرسٹرکچر اور ڈویلپمنٹ کو یقینی بنانے میں کوشاں ہے۔ حکومت پنجاب کی زیرنگرانی دریائے راوی کے کنارے عالمی معیار کے مطابق نیا شہر آباد کیا جارہا ہے اس منصوبہ کے تحت دریائے راوی کے پانی کو صاف بنانے کے لیے واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ لگائے جائیں گے اور ماحولیاتی آلودگی کو کم کرنے کے لیے 6000 ایکڑ پر جنگل بھی لگایا جائے گا۔ منصوبے کے تحت سیون سٹار ہوٹلز اور 750 فٹ اونچے ٹاورز بھی تعمیر کیے جائیں گے۔ راوی اربن ڈویلپمنٹ کا منصوبہ پاکستان کے میگا پراجیکٹس میں سے ایک ہے، منصوبہ سے لاہور شہر کو جدید اور ماحول دوست بنانے میں مدد ملے گی۔ راوی اربن ڈویلپمنٹ اتھارٹی کا منصوبہ شہری ترقی، ٹاؤن پلاننگ سمیت شہر کی خوبصورتی میں مددگار ثابت ہو گا اور روڈا اندرون وبیرون ملک مقیم پاکستانیوں کو سرمایہ کاری کے بہترین مواقع فراہم کر رہا ہے۔ راوی اربن ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے ریونیو سے متعلقہ مسائل جن میں اسٹیٹ لینڈ، لینڈ ایکوزیشن سمیت ریونیو سٹاف کی فراہمی جیسے مسائل کو ترجیح بنیادوں پر حل کیا جائے۔ راوی اربن ڈویلپمنٹ اتھارٹی شہریوں کی ایکوائر کی جانے والی زمین کی جائے۔ منصوبے کو مقررہ مدت کے اندر مکمل کرنا اتھارٹی کی ذمہ داری بھی ہے۔

حکومت پنجاب کی مفت آٹا سکیم کے تحت پنجاب بھر میں اب تک 3 کروڑ 43 لاکھ 33 ہزار 711 دس کلوگرام آٹے کے تھیلے تقسیم کیے جاچکے ہیں۔ جمعرات کو 8 لاکھ 74 ہزار 669 دس کلوگرام آٹے کے تھیلے اہل مستحقین میں تقسیم کیے گئے۔ صوبہ بھر کی تمام ڈویژن میں آٹے کے تھیلے اس تناسب سے تقسیم کیے گئے۔ ملتان میں 162,502، سرگودھا: 136,35 حکومت پنجاب کی مفت آٹا سکیم کے تحت پنجاب بھر میں اب تک 3 کروڑ 43 لاکھ 33 ہزار 711 دس کلوگرام آٹے کے تھیلے تقسیم کیے جاچکے ہیں۔ اب تک 8 لاکھ 74 ہزار 669 دس کلوگرام آٹے کے تھیلے اہل مستحقین میں تقسیم کئے گئے۔ ڈویژن کے مطابق آٹے کے تھیلے اس تناسب سے تقسیم کیے گئے۔ ملتان 162,502، سرگودھا 136,358، لاہور 100,688، فیصل آباد: 95,371، ڈی جی خان 95,114، ساہیوال 92,327، راولپنڈی 75,397، گوجرانوالہ 63,458، بہاولپور: 53,572 کل آٹا کے تھیلے 874,669 عوام میں تقسیم کئے گئے ہیں۔



آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس 08 اپریل 2023ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس/ڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلو کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 08 اپریل 2023، صبح 07:00 بجے تا دن 11:00 بجے تک، اسلام آباد سرکل، سوہدرن روڈ، سی ایم پاک زونگ، رہاڑہ، ترامڑی، جھٹہ بختاور، لہتراڑ روڈ، آئی ایس آئی، کری (اولڈ بحریہ) فیڈرز، راولپنڈی سٹی سرکل، مدینہ کالونی، مصریال روڈ، ملت آباد، ڈھوک چوہدریاں فیڈرز، کینٹ سرکل راولپنڈی، چہان، چونترہ، راجڑ، چکری، ایس پی ڈی، ایس پی ایف، کہوٹہ سٹی-II، حنیف شہید فیڈرز، چکوال سرکل، للہ ٹاؤن، احمد آباد، تویا، بشارت، کلر کہار، پی اے ایف، میانی فیڈرز اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے اور گردونواح کی بجلی بند رہے گی۔

بقیہ 1

ہے، سرکاری خرچ پر امیدواروں اور سیاسی جماعتوں کی تشہیر پر بھی پابندی عائد کی گئی ہے۔ امیدواروں کیلئے سرکاری جماعتوں کے اشتہارات کی رقوم کی تفصیلات الیکشن کمیشن کو فراہم کرنا لازمی ہوگا، پولنگ سے 48 گھنٹے قبل میڈیا پر بھی انتخابی مہم چلانے کی پابندی ہوگی، پولنگ سٹیشنز میں داخلہ ایکریڈیشن کارڈز دکھا کر ہوگا۔ مزید برآں ووٹ سیکریسی کا احترام بھی لازمی قرار دیا گیا ہے، پولنگ ختم ہونے کے ایک گھنٹے بعد ہی نتائج کے اعلان کی اجازت ہوگی۔

بقیہ 2

، را عبدالرحمان، سابق صوبائی وزیر با رضوان و دیگر رہنماں نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے چودھری پرویز الٰہی نے کہا کہ خیبر پختونخوا اسمبلی کے الیکشن کروانے کیلئے سپریم کورٹ ہی آخری امید ہے، پنجاب اور کے پی کے میں انشا اللہ الیکشن ضرور ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ نااہل شہباز شریف حکومت ملک میں سیاسی عدم استحکام پیدا کرنا چاہتی ہے، سپریم کورٹ کے واضح حکم کے باوجود شہباز شریف اور کابینہ ایک ہی ہٹ دھرمی پر قائم ہیں کہ الیکشن نہیں کرانے۔ چودھری پرویز الٰہی نے کہا کہ سپریم کورٹ کے خلاف پارلیمنٹ سے غیر آئینی قرارداد یں منظور کرانا توہین عدالت ہے، ایک ایک وزیر کے خلاف توہین عدالت کی کارروائی ہونی چاہیئے۔ سابق وزیراعلیٰ پنجاب نے کہا کہ نگران حکومت سوائے الیکشن کرانے کے وہ سب کام کر رہی ہے جو اس کے دائرہ اختیار میں نہیں آتے۔

بقیہ 3

میں دھواں دھار تقاریر کی گئیں، 342 کے ایوان میں صرف 42 لوگوں نے قرارداد پر دستخط کئے، عمران خان نے صرف دعوے نہیں کام کیا، ہمیں یقین ہے تمام ادارے سپریم کورٹ کے حکم پر عمل کریں گے۔ اصل سوال یہ ہے کہ کیا پاکستان ماروائے آئین ملک بننے جا رہے ہیں، کسان کو تاریخ میں سب سے زیادہ فصلوں کا پیسہ ملا، عمران خان کے وقت میں آئی ٹی میں ایک سو چالیس فیصد اضافہ ہوا۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان نے ساڑے تین سال سے زیادہ پاکستان کی معیشت چلائی، پاکستان کی صنعتوں میں بارہ فیصد سے زیادہ ترقی ہورہی تھی، الیکشن کمیشن کا فیصلہ خوش آئند ہے انہوں نے دو ٹوک کہا کہ ہم عدلیہ کے فیصلہ پر عمل درآمد کریں گے۔ اسد عمر کا کہنا تھا کہ پاکستان جلد الیکشن کی طرف جائے گا، پاکستان میں آئین کی حکمرانی برقرار رہے گی، عمران خان اپنی ذات اور جائیدادوں کے لیئے کچھ نہیں مانگتے۔ عمران خان نے دوبارہ وزیراعظم بننا ہے اس میں کوئی شک نہیں، جب عمران خان دوبارہ وزیراعظم بنیں گے تو تمام ادارے مل کر پاکستان کی بہتری کے لیئے کام کریں گے، جیسی آج مشکلات پیدا ہوئی پاکستان نے اتنا بڑا کرائسز 1971 کے بعد دیکھا ہی نہیں۔ انکا کہنا تھا کہ ایک صدی کا سب سے بڑا کرائسز کورونا کے دوران عمران خان نے کیسے ملک کا دفاع کیا یہ سب کے سامنے ہے، عمران خان جب گیا تو مہنگائی کی شرح بارہ فیصد تھی، آج پچالیس فیصد ہے۔ دوسری جانب سابق وزیر اطلاعات فواد چوہدری کا کہنا تھا کہ لگتا ہے مریم نواز سابق صدر آصف زرداری کی شاگرد ہونے کی حیثیت سے چچا کو نا اہل کروانا چاہتی ہیں، پہلے آصف زرداری نے یوسف رضا گیلانی اور آج مریم نواز نے شہباز شریف کو نا اہل کرنے کیلئے جال بچھایا۔ الیکشن روکنے کا ایک ہی طریقہ ہے کہ آئین توڑ دیں، مارشل لاء لگ جائے گا، اگر مارشل لاء لگ جائے تو پھر عوام فیصلہ کرے گی کہ وہ کیا چاہتی ہے، یقین ہے قومی ادارے کسی کے ساتھ نہیں بلکہ آئین کے ساتھ کھڑے ہوں گے۔ انکا کہنا تھا کہ انتخابات نہ ہونے کی وجہ سے سیاسی اور معاشی عدم استحکام ہے، حکمران عوام سے ووٹ کا حق چھیننا چاہتے ہیں

بقیہ 4

چیف جسٹس نے فل بینچ بنانے کی بات نہ سن کر ادارے کی ساکھ کو نقصان پہنچایا ہے مگر سپریم کورٹ کے ججز کے خلاف ریفرنس دائر کرنے سے عدلیہ میں تقسیم پیدا ہو گی۔ انہوں نے کہا ججز کے خلاف ریفرنس مس کنڈکٹ پر دائر ہوتا ہے۔ میں ریفرنس دائر کرنے کے حق میں نہیں۔ نوازشریف نے اپنی رائے کا اظہار کیا ہے۔ میں ان کی رائے کا احترام کرتا ہوں، اگر کوئی گراؤنڈ ہے تو بالکل ریفرنس کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا مجھے نہیں پتہ حکومت کن گراؤنڈ پر سوچ رہی ہے۔ خیال رہے کہ سابق وزیراعظم میاں محمد نوازشریف نے سپریم کورٹ کی جانب سے الیکشن کمیشن کا فیصلہ کالعدم قرار دینے اور 14 مئی کو صوبہ پنجاب میں انتخابات کے اعلان کے فیصلے کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا ہے کہ ان تین ججز کے خلاف سپریم جوڈیشل کونسل میں ریفرنس دائر کیا جانا چاہیے

بقیہ 5

۔ اجلاس میں ڈی جی آئی ایس آئی، ڈی جی آئی بی، ڈی جی ایم آئی اور ڈی جی ایم او سمیت دیگر عسکری اور سویلین حکام بھی شریک ہوئے جبکہ اجلاس میں کمیٹی ممبران اور چاروں صوبوں وزرائے اعلی بھی خصوصی طور پر شریک تھے۔ ملک میں عام انتخابات ایک ہی روز کرانے سے متعلق صوبوں کی رائے لی گئی جبکہ حساس اداروں کے سربراہان نے قومی سلامتی، سکیورٹی سے متعلق جبکہ متعلقہ وزارتوں کے سیکرٹریز نے فنڈز کی فراہمی اور دیگر معاملات پر بریفنگ دی۔ اجلاس میں شرکا کی جانب سے ملک کے مختلف حصوں میں شرپسندی کیخلاف کارروائیوں پر اظہار اطمینان کیا گیا جبکہ دہشتگردی کے واقعات میں شہید ہونے والوں کی خدمات پر خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ شرکا نے بلوچستان میں کالعدم تنظیم کے سربراہ کی گرفتاری پر اداروں کو خراج تحسین پیش کیا، رہنماں نے کہا کہ سکیورٹی اداروں کے افسروں اور جوانوں کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیںگی، کمیٹی نے انسداد دہشتگردی آپریشنز جاری رکھنے پر اتفاق کیا۔ وزیرخزانہ اسحاق ڈار کی جانب سے معاشی صورتحال پر تفصیلی بریفنگ دی گئی، شرکا کو آئی ایم ایف سے مذاکرات اور دوست ممالک کے وعدوں سے بھی آگاہ کیا گیا، کمیٹی نے قومی معاملات پر کسی بھی دباؤ میں نہ آنے کا عزم ظاہر کرتے ہوئے فیصلہ کیا کہ ملکی اندرونی اور بیرونی سلامتی پر کوئی سمجھوتا نہیں کیا جائے گا۔ فورم نے ملکی سلامتی اور استحکام کے لئے سب کو ملکر اپنا کردار ادا کرنے پر زور دیتے عزم ظاہر کیا کہ اندرونی خلفشار اور قوم کو تقسیم کرنے کی سازش کسی صورت کامیاب نہیں ہونے دی جائیگی۔

بقیہ 6

جاری کر کے جواب طلب کر لیا۔ کیس کی سماعت جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب نے سماعت کی۔ اس موقع پر درخواست گزار وکیل فیصل فرید چوہدری عدالت کے سامنے پیش ہوئے اور اپنے دلائل میں کہا کہ پیمرا کا یہ آرڈر پولیٹیکل ایکٹیویٹی کے خلاف ہے۔ قانون کی نظر میں پیمرا نے اختیار سے تجاوز کیا ہے۔ اگر یہ اختیار کا غلط استعمال نہ روکا گیا تو پیمرا آئندہ بھی یہی کرے گا۔ عدالت نے درخواست گزار کے وکیل سے مکالمہ کرتے ہوئے کہا کہ یہ پابندی تو اس روز ایک دن کے لیے تھی، جس پر وکیل نے کہا کہ ایک دن، ایک گھنٹہ یا 3 گھنٹے بھی پابندی لگانا اختیار سے تجاوز ہے۔ عدالت نے ریمارکس دیے کہ اس روز جو توڑ پھوڑ ہوئی، اس سے متعلق کچھ تو کیا جانا تھا۔ پبلک پراپرٹیز توڑی گئیں، کوئی اس کی ذمے داری لینے کے لیے بھی تیار نہیں۔ یہ تو کم سے کم ہے کہ کہہ دیا جائے کہ کوریج نہ کریں۔ عدالت نے پیمرا کو نوٹس جاری کرتے ہوئے سماعت غیر معینہ مدت تک کے لیے ملتوی کردی۔

بقیہ 7

گوجر خان کے صدر سعیدین خان ایڈووکیٹ نے اپنے مشترکہ بیانیے میں کہا کہ قبلہ اول مسجد اقصی کی بے حرمتی اور مظلوم فلسطینیوں پر اسرائیلی جارحیت کو امت مسلمہ کسی صورت برداشت نہیں کرے گی فلسطینی مسلمانوں پر اسرائیلی مظالم اب حد سے بڑھ گئے ہیں مقبوضہ فلسطین اور مسجد اقصی میں اسرائیل نے ظلم و بربریت کا بازار گرم کر رکھا ہے۔ اسرائیل کے حالیہ نماز کی ادائیگی کرتے ہوئے نمازیوں پر حملہ میں بڑی تعداد میں خواتین بھی زخمی ہوئی ہیں۔ بین الاقوامی طاقتوں اور اقوام متحدہ نے دوہرا معیار اپنا رکھا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یوکرین پر روسی حملے کے وقت چیخنے چلانے والوں کو فلسطین میں اسرائیلی ظلم وستم پر سانپ سونگھ گیا ہے۔ بین الاقوامی طاقتیں اور اقوام متحدہ دوہرا معیار چھوڑ دیں، اقوام متحدہ میں غیر مسلموں کے معاملے جلد حل ہوجاتے ہیں لیکن مسلمانوں کے مسائل پر خاموشی چھا جاتی ہے۔ مسلمانوں کا مزید خون بہانا بند کیا جائے مسلمان حکمرانوں کو حکومت اللہ نے دی ہے لیکن وہ فلسطین کے مسلمانوں کے معاملے پر خاموش ہیں، حکمران جہاد کا راستہ اپنائیں فلسطین کے مسلمانوں کے ساتھ یہودیوں کا کردار شدید قابل مذمت ہے فلسطین پر اسرائیلی جارحیت ناقابل برداشت ہے۔ مسلمانوں کی نااتفاقی نے کافروں کو شیر بنا دیا ہے، امت مسلمہ کا اتحاد وقت کی اہم ضرورت ہے۔ مسلمان متحد نہ ہوئے تو دشمن طاقتیں ایک ایک کر کے مسلمانوں کا خاتمہ کریں گی پاکستانی قوم فلسطینی بھائیوں کے ساتھ کھڑی ہے فلسطینیوں کو صورت تنہا نہ چھوڑیں گے

بقیہ 8

جبیں نے کہا کہ بچوں کے لئے ثقافتی سرگرمیوں میں اضافہ کیا جائے، پپٹ شو، قصہ خوانی، بچوں کے ادب کی اشاعت ممکن بنائی جائے۔ انھوں نے کہا کہ ملک وقوم کا نام روشن کرنے والوں فنکاروں کو خراج تحسین پیش کرنے کے اقدامات کئے جائیں، نوجوانوں کو فنون لطیفہ کے میدان میں بھرپور موقع فراہم کے حوالے سے ٹیلنٹ ہنٹ شو منعقد کئے جائیں، تھیٹر ڈراموں میں نوجوانوں کی شرکت ممکن بنائی جائے، ان کی بھرپور حوصلہ افزائی کی جائے۔ نازیہ جبیں نے کہا کہ محکمہ اطلاعات وثقافت کے تمام ماتحت ادارے اپنی سوشل میڈیا سروسز کو جدید خطوط پر استوار کریں۔ تمام ادارے کتاب میلے، مشاعرے، ادبی پروگرام منعقد کریں۔ اعلی معیار کے ڈراموں کی پیشکش کے لئے سازگار فضا پیدا کی جائے۔

بقیہ 9

صحت (این آئی ایچ) کی جانب سے جاری اعداد وشمار کے مطابق ملک بھر میں 24 گھنٹوں کے دوران کورونا وائرس کی 3 ہزار 863 ٹیسٹ کیے گئے جن میں سے 53 افراد کے ٹیسٹ مثبت آئے اس طرح مثبت کیسز کی شرح 1.37 فیصد رہی اور اس دوران کورونا وائرس سے ایک مریض جاں بحق ہوا جبکہ 13 کی حالت تشویشناک ہے۔ ملک کے مختلف شہروں میں 24 گھنٹوں کے دوران کئے گئے کورونا ٹیسٹ اور مثبت کیسز کے حوالے سے لاہور میں 595 افراد میں سے 11 افراد کے ٹیسٹ مثبت آئے اور وہاں پر مثبت کیسز کی شرح 1.85 فیصد رہی، اسی طرح راولپنڈی میں 263 ٹیسٹوں میں سے ایک فرد کا ٹیسٹ مثبت آیا اور وہاں پر شرح 0.38 فیصد رہی، گوجرانوالہ میں 213 ٹیسٹوں میں سے 2 افراد کے ٹیسٹ مثبت آئے اور وہاں پر شرح 0.94 فیصد رہی جبکہ اسلام آباد میں 453 میں سی 10 افراد کے ٹیسٹ مثبت آئے اور شرح 2.21 فیصد رہی

بقیہ 10

۔ ایم ایس سروسز ہسپتال ڈاکٹر مختار احمد نے کہا کہ ابھی مریض کم ہیں اور طبی سہولیات موجود ہیں لیکن مریضوں میں اضافے پر بجٹ کی ضرورت ہوگی۔ محکمہ صحت کی جانب سے وائرس سے متاثرہ افراد کے اعداد وشمار شیئر ہی نہیں کئے جار ہے

بقیہ 11

کے دفاع کے لیے پاک بحریہ کی آپریشنل تیاریوں پر مکمل اعتماد کا اظہار کیا۔ حکومت پاکستان کی پالیسیوں کے مطابق پاک بحریہ کے اس عزم کا اعادہ کیا گیا کہ پاک بحریہ کے جہازوں کے ذریعے حال ہی میں منعقد کیے گئے بین الاقوامی انسانی ہمدردی اور ریلیف مشن کے ذریعے زلزلہ سے متاثرہ ممالک ترکی اور شام کی مدد کے لیے ہر ممکن کوششیں کی جائیں گی۔ کمانڈ اینڈ اسٹاف کانفرنس پاکستان بحریہ کا اعلیٰ فیصلہ ساز فورم ہے جس میں چیف آف دی نیول اسٹاف کی سربراہی میں پرنسپل اسٹاف آفیسرز اور فیلڈ کمانڈرز پاکستان نیوی کی پالیسیوں اور منصوبوں کا جائزہ لیتے ہیں۔ (ڈائریکٹر جنرل پبلک ریلیشنز (نیوی)

بقیہ 12

پیمرا آئی پی ٹی وی (لائسنسنگ اینڈ آپریشنز) ریگولیشنز 2023 کی منظوری دیتے ہوئے انٹرنیٹ پرٹوکول ٹی وی (IPTV) کے لائسنسز کا اجراء بذریعہ بولی/نیلامی کرنے کی منظوری دیدی۔ مزید برآں پیمرا اتھارٹی نے میسرز سہیل انٹرنیشنل میڈیا (ایس ایم سی۔ پرائیویٹ) لمیٹڈ، لاہور اور میسرز ایم این اے میڈیا اینڈ پروڈکشنز (ایس ایم سی۔ پرائیویٹ) لمیٹڈ لاہور کی مینجمنٹ میں تبدیلی اور کمپنی میں نئے چیف ایگزیکٹو آفیسر، ڈائریکٹرز و شیئر ہولڈرز کو شیئرز کی منتقلی کی درخواست منظور کر لی۔ اس کے علاوہ اتھارٹی نے میسرز ٹائمز کمیونیکیشن (پرائیویٹ) لمیٹڈ (لاہور رنگ) اور میسرز ای ایل سیٹ (پرائیویٹ) لمیٹڈ (ذائقہ ٹی وی) کی مینجمنٹ میں تبدیلی اور موجودہ چیف ایگزیکٹو آفیسر، ڈائریکٹر، شیئر ہولڈر چوہدری عبدالرحمان کو شیئرز کی منتقلی کی درخواست کی بھی منظوری دے دی۔ اتھارٹی نے یونیورسٹی آف مالاکنڈ کو نان کمرشل ایف ایم ریڈیو لائسنس کے اجراء کی منظوری بھی دی۔ اتھارٹی نے میسرز سعید اینڈ نوشابہ سنز (ایس ایم سی۔ پرائیویٹ) لمیٹڈ لاہور کی درخواست کو منظور کرتے ہوئے گلوبل انٹرٹیمنٹ کیٹیگری کے غیرملکی سٹیلائیٹ ٹی وی چینل ساؤتھ ایشیاء گلوبل ٹی وی کی لینڈنگ رائٹس پرمشن کی بھی منظوری بھی دے دی۔ دریں اثناء اتھارٹی نے وزیراعظم پیکج کے تحت دوران سروس وفات پاجانے والے ملازمین کے لواحقین کو مستقل بنیاد پر ملازمت دینے کی منظوری بھی دیتے ہوئے پیمرا کے مالی سال 2024-2023 کے بجٹ کی بھی منظوری دے دی۔ اتھارٹی کے اجلاس میں وفاقی سیکریٹری اطلاعات ونشریات سہیل علی خان، سیکریٹری داخلہ سید علی مرتضٰی، چیئرمین فیڈرل بورڈ آف ریونیو عاصم احمد، چیئرمین پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی محمد نوید، ممبر فیڈرل کیپیٹل حسین ابوذر اور ممبر بلوچستان فرح عظیم شاہ نے شرکت کی۔

بقیہ 13

، سابق وزیراعظم کیخلاف اسلام آباد کے تھانہ رمنا میں ایک اور مقدمہ درج کر لیا گیا ہے، مقدمہ مجسٹریٹ کی مدعیت میں درج ہوا۔ ایف آئی آر میں کہا گیا ہے کہ عمران خان نے انٹرویو میں حساس اداروں کے آفیسرز سے متعلق نازیبا الفاظ استعمال کیے، حساس اداروں کے آفیسرز کے نام لیکر بدنام کرنے کی کوشش کی گئی، عمران خان مذموم ارادوں کے مقاصد کیلئے سوشل میڈیا کا بھی سہارا لیتے ہیں۔ ایف آئی آر کے مطابق چیئرمین پی ٹی آئی کا رویہ ملک اور ریاست کی سلامتی کیلئے خطرہ ہے، ملزم نے اپنی تقاریر سے فوج، مختلف گروہوں اور طبقوں میں انتشار پھیلایا۔ یاد رہے کہ اسلام آباد ہائیکورٹ نے عمران خان کیخلاف مقدمات کی تفصیلات فراہمی کے کیس میں ایف آئی اے اور وفاقی پولیس کی حد تک مقدمات کی تفصیلات طلب کر رکھی ہیں۔ اسلام آباد ہائیکورٹ میں عمران خان کیخلاف مقدمات کی تفصیلات فراہمی سے متعلق کیس کی سماعت ہوئی تھی، چیف جسٹس عامر فاروق نے کیس پر سماعت کی۔ پی ٹی آئی کے وکیل فیصل فرید نے وزیرداخلہ رانا ثناء اللہ کے بیان کی کاپی عدالت میں پیش کی اور کہا کہ صورتحال یہ ہے یہاں ضمانت کرا کے نکلتے ہیں

بقیہ 14

ہم اپنی زندگیوں سے غلطیوں کو نکال باہر کریں۔ اور اپنے ہر عمل کو اتباع رسالت ﷺ میں ڈھال لیں۔ دنیاوی زندگی میں ہم نے جو اعمال دکھاوے کے لیے اختیار کر رکھے ہیں وہ بارگاہ الٰہی میں مقبول نہ ہوں گے۔ کیونکہ وہ نہاں خانہ دل میں موجود سب کچھ جانتا ہے۔ امیر عبدالقدیر اعوان شیخ سلسلہ نقشبندیہ اویسیہ و سربراہ تنظیم الاخوان پاکستان کا جمعۃ المبارک کے موقع پر خطاب! انہوں نے کہا کہ آج ہم اس حد تک چلے گئے ہیں کہ ہمیں آخرت کی کوئی فکر نہیں ہے جہاں ہمیشہ رہنا ہے۔ اس عارضی دنیا کے لیے ہم حلال وحرام کی تمیز کیے بغیر مال اکٹھا کرنے میں لگے ہیں جسے ہم نے چھوڑ کر جانا ہے۔ اسی دوڑ میں ہم نے حقوق وفرائض کی تمیز ختم کر دی ہے۔ معاشی اور معاشرتی زندگی ایسی ہوگئی ہے کہ جیسے ہم لوگ جنگل میں رہ رہے ہوں اسی وجہ سے ہم سب اس تکلیف سے گزر رہے ہیں یاد رکھیں جس راہ پر ہم چل رہے ہیں اس کا انجام بہت بھیانک ہے۔ ابھی بھی وقت ہے کہ ہم اپنے آپ کو توبہ کی طرف لے آئیں۔ اللہ کریم کو معاف کرنا محبوب ہے اللہ کریم ہمارے گناہ معاف فرمائیں۔ آخر میں انہوں نے ملکی سلامتی اور بقا کی اجتماعی دعا بھی فرمائی۔

بقیہ 15

میں ہونے والے تصادم کی تحقیقات کے لیے بنائی گئی مشترکہ تحقیقاتی ٹیم (جے آئی ٹی) کے سامنے پیش ہونے کی ہدایت کردی۔ انسداد دہشت گردی عدالت کے جج عبہر گل نے پی ٹی آئی رہنماؤں اسد عمر، یاسمین راشد، زبیر نیازی، حسن نیازی، مسرت چیمہ اور میاں جاوید اسلم اقبال کی جانب سے سرکاری افسران کے ساتھ بدتمیزی اور زمان پارک کے باہر نقصان پہنچانے کے مقدمے میں عبوری ضمانت میں توسیع کی درخواست کی سماعت کی۔

بقیہ 16

معاملہ ہے۔ اسلام آباد میں نیوز کانفرنس کرتے ہوئے وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات کا کہنا تھا کہ جسٹس اطہر من اللہ کا آج آنے والا فیصلہ بڑا اہم ہے، جب عدالتی کارروائی متنازع ہو جائے تو اسے عوام کیسے تسلیم کرے گی، یہ مسترد شدہ پٹیشن تھی اس پر بینچ نہیں بن سکتا تھا۔

بقیہ 17

تحریک استحقاق متعلقہ قائمہ کمیٹی کو بھجوادی، جمعہ کو ایوان بالا کے اجلاس میں انہوں نے اپنی گرفتاری کا معاملہ اٹھایا جس پر چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی نے یہ معاملہ متعلقہ قائمہ کمیٹی کو بھجوادیا۔

بقیہ 18

جناح میڈیکل یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر خالد مسعود گوندل نے اپنے خطاب میں نگران صوبائی وزراء صحت کی آمد پر شکریہ ادا کیا اور صحت کے عالمی دن کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر خالد مسعود گوندل نے نگران صوبائی وزراء صحت ڈاکٹر جاوید اکرم اور ڈاکٹر جمال ناصر کو یادگاری شیلڈز بھی پیش کیں۔

نگران صوبائی وزیرصحت ڈاکٹر جاوید اکرم نے تقریب کے شرکاء سے اپنے خطاب میں کہا کہ پروفیسر ڈاکٹر خالد مسعود گوندل نے ہمیشہ صحت سے متعلق اہم موضوعات پر سیمینارز کا انعقاد کر کے عوام میں آگاہی پھیلائی ہے۔ 7 اپریل پوری دنیا میں صحت کا عالمی دن منایا جاتا ہے۔ ڈاکٹر جاوید اکرم نے کہا کہ صحت اللہ پاک کی ایک انمول نعمت ہے۔ صحت کی سہولیات کی فراہمی ہر انسان کا بنیادی حق ہے۔ ایک صحت مند انسان ہی صحت مند زندگی گزار سکتا ہے۔ صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر جاوید اکرم نے کہا کہ عوام کو صحت کی بنیادی سہولیات کی فراہمی کے دعوے نہیں حقیقی معنوں میں یقینی بنانا ہوگا۔ پاکستان آبادی کے لحاظ سے اگلے بیس سال بعد دنیا کا تیسرا بڑا ملک ہوگا۔ پاکستان کی عوام کو آبادی کے لحاظ سے صحت کی بہتر سہولیات فراہم کرنی ہوں گی۔ ڈاکٹر جاوید اکرم نے کہا کہ سیلف میڈیکیشن انتہائی خطرناک عمل ہے۔ تحقیق کے مطابق پاکستان کی 29 فیصد آبادی شوگر کی بیماری کا شکار ہے۔ صوبائی وزیر صحت نے کہا کہ عوام کو صحت کی بہتر سہولیات فراہم کرنے کیلئے ہمیں اپنے انفراسٹرکچر کو بہتر کرنا ہوگا۔ ہمیں صحت مند معاشرہ کی بنیاد رکھنے کیلئے صحت مند لائف سٹائل اپنانا ہوگا۔ اللہ پاک نے رمضان المبارک کا مہینہ ہمیں اپنا لائف سٹائل تبدیل کرنے کیلئے تحفہ دیا ہے۔ ہماری نوجوان نسل میں دل کی بیماریاں، کینسر اور دوسری مہلک بیماریاں بہت جلد جنم لے رہی ہیں۔ ڈاکٹر جاوید اکرم نے کہا کہ حکومت ہر سرکاری میڈیکل یونیورسٹی کے ہر طالب علم کی تعلیم پر ایک کروڑ روپے سے زائد کی رقم خرچ کر رہی ہے۔ بیماریوں سے لڑنے کی بجائے بیماریوں کی روک تھام پر کام کرنا زیادہ اہم ہے۔ صوبائی وزیر صحت نے صحت کے عالمی دن کی مناسبت سے آگاہی سیمینار کے انعقاد پر وائس چانسلر فاطمہ جناح میڈیکل یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر خالد مسعود گوندل کو مبارکباد دی۔ نگران صوبائی وزیر محکمہ پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر ڈاکٹر جمال ناصر نے تقریب کے شرکاء سے اپنے خطاب میں کہا کہ عوام کو صحت کی بہتر سہولیات فراہم کرنا اللہ تعالیٰ کی جانب سے بہت بڑی ذمہ داری ہے۔ ہم کوئی سیاسی لوگ نہیں ہیں اس لئے عوام کو صحت کی بہتر سہولیات فراہم کرنے کیلئے دن رات محنت کر رہے ہیں۔ محکمہ پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر عوام کو خطرناک بیماریوں سے بچانے کیلئے تمام تر وسائل بروئے کار لا رہا ہے۔ ڈاکٹر جمال ناصر نے کہا کہ محکمہ صحت میں میرٹ پر بھرتیوں کو یقینی بنانے کیلئے میکنزم بنایا جا رہا ہے۔ عام آدمی تک صحت کی بہتر سہولیات کی فراہمی میں صرف ایک انسان کی نیک نیتی ہی کافی ہوتی ہے۔ وائس چانسلر فاطمہ جناح میڈیکل یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر خالد مسعود گوندل نے کہا کہ فاطمہ جناح میڈیکل یونیورسٹی نے سیلاب زدگان کی بحالی کیلئے اہم کردار ادا کیا ہے۔ فاطمہ جناح میڈیکل یونیورسٹی ہمیشہ میڈیکل فیلڈ میں اپنی گراں قدر خدمات سرانجام دیتی رہے گی۔ وائس چانسلر فاطمہ جناح میڈیکل یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر خالد مسعود گوندل نے صحت کے عالمی دن کی مناسبت سے منعقدہ آگاہی سیمینار میں نگران صوبائی وزراء صحت، تمام فیکلٹی ممبران اور عالمی ادارہ صحت سے آئے مہمانوں کی آمد پر اُن کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 19

جسٹس اطہر من اللہ نے لاہور ہائیکورٹ کے فیصلے کا حوالہ دیا ہے، ہمارا بنیادی مسئلہ الیکشن ہیں، جج پانچ ہمارا مسئلہ نہیں۔ ایک دوسرے ٹویٹ میں فواد چودھری نے کہا کہ پاکستان پینل کوڈ کے سیکشن 124 اے کو لاہور ہائی کورٹ کی جانب سے غیر آئینی قرار دے دیا گیا ہے، سیکشن غیر آئینی قرار دیے جانے کے اگلے دن اسلام آباد پولیس نے عمران خان کے خلاف اسی دفعہ کے تحت ایف آئی آر درج کر لی۔ انہوں نے کہا کہ کیا یہی وہ احترام ہے، جس کا مظاہرہ حکومت اب عدالتوں کی طرف مسلسل کر رہی ہے؟۔

بقیہ 20

سانحہ بن کر طلوع ہوا، سیاچن گلیشیئر پر ناردرن لائٹ انفنٹری بٹالین کی کمانڈ لیفٹیننٹ کرنل تنویر کر رہے تھے جبکہ ان کے ہمراہ میجر ذکاء بھی موجود تھے کہ گیاری سیکٹر میں ناردرن لائٹ انفنٹری کے بٹالین ہیڈکوارٹر پر برفانی تودا آن گرا، برفانی تودے نے تقریباً ایک کلومیٹر کے علاقے کو متاثر کیا۔ سیاچن کے گیاری سیکٹر میں برفانی تودہ گرنے سے 129 فوجیوں اور 11 شہریوں نے جام شہادت نوش کیا، پاک فوج نے اس تاریخی آپریشن میں عزم وہمت اور حوصلے کی نئی داستان رقم کی۔ بٹالین ہیڈ کوارٹر گزشتہ 20 سال سے اسی مقام پر موجود تھا، سانحے میں این ایل آئی سکس کا بٹالین کا ہیڈکوارٹرز مکمل طور پر دب گیا تھا جبکہ وہاں موجود افراد میں سے کسی کو بھی زندہ نہیں نکالا جاسکا تھا۔ اس علاقے میں پیدل پہنچنا بہت مشکل تھا، سخت موسمی حالات نے امدادی سرگرمیوں کو بھی شدید متاثر کیا لیکن پاک فوج کے باہمت جوانوں نے اس آپریشن کو ممکن کر کے دکھایا۔ گیاری سیکٹر پر امدادی سرگرمیاں ڈیڑھ سال تک جاری رہیں جس میں امریکہ، جرمنی سمیت کئی ملکی ماہرین کی ٹیموں نے بھی حصہ لیا، اس سانحے میں 129 آرمی کے افسر اور جوانوں سمیت 140 افراد شہید ہوگئے تھے جن میں سے 114 کا تعلق گلگت بلتستان سے تھا۔ سانحہ گیاری کے بعد ہونے والا تاریخی آپریشن ہمیشہ عزم وہمت کی شاندار مثال رہے گا۔ واضح رہے کہ بھارت نے 1984ء میں سیاچن پر ناجائز تسلط قائم کرلیا تھا جس کے جواب میں پاکستان کو بھی اپنے فوجی اس علاقے میں تعینات کرنا پڑے۔ پاکستان اور بھارت کے درمیان جاری اس جنگ میں انسانوں کا مقابلہ انسانوں سے کم اور سخت موسم سے زیادہ ہوتا ہے۔

بقیہ 21

ضبط کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے تمام آسسٹنٹ/ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنرز کو اپنے سب ڈویژن میں غیر معیاری پاپڑ، چپس سلانٹی کی فروخت/ترسیل کے خلاف قانونی کاروائی کے لئے احکامات جاری کئے

بقیہ 22

۔ اس حوالے سے اورنگی پائپ کے ڈائریکٹر آصف منظر کا کہنا ہے کہ یہ دلچسپ ٹورنامنٹ 10 دن تک جاری رہے گا۔ جس میں علاقہ کی 12 ٹیموں کے درمیان دلچسپ مقابلے ہوں گے۔ فائنل جیتنے والی ٹیم کو نقد انعام کے علاوہ ٹرافی بھی دی جائے گی۔ ٹورنامنٹ کے میچز علاقے میں قائم گراؤنڈز میں ہورہے ہیں، جہاں اورنگی ٹاؤن کے رہائشی کرکٹرز کو پنی صلاحیتوں کے جوہر دکھانے کا، اور شائقین کرکٹ کو علاقائی سطح پر اچھے کھیل سے محظوظ ہونے کا بھرپور موقع ملے گا۔

بقیہ 23

راولپنڈی کی قیادت میں نیشنل پریس کلب کے نومنتخب صدر انور رضا اور سیکرٹری راجہ خلیل احمد اور قائد صحافت افضل بٹ کو مبارک دی۔ ابرار احمد خان ڈویژنل صدر اپیسما راولپنڈی، عدنان نثار، جنرل سیکرٹری تحصیل راولپنڈی، یوسف شاہد ڈپٹی سیکرٹری جنرل تحصیل راولپنڈی اور ایگزیکٹو ممبر کامران پر مشتمل وفد نے بدھ کو نیشنل پریس کلب کا دورہ کیا اور کلب کی نومنتخب قیادت صدر انور رضا، سیکرٹری راجہ خلیل احمد، سیکرٹری فنانس نیر علی سمیت تمام عہدیداروں کو مبارک باد دی اور پھولوں کا گلدستہ پیش کیا۔ اس موقع پر ملک میں تعلیمی شعبہ کو درپیش مسائل پر تفصیلی بات چیت کی گئی۔ ابرار احمد خان نے کہا کہ ہمیں امید ہے کہ نیشنل پریس کلب تعلیمی بلخصوص نجی شعبہ کے حوالے سے مسائل کو اجاگر کرنے میں اپنا تعمیری کردار ادا کرے گا۔ اس موقع اپیسما اور نیشنل پریس کلب کے درمیان صحافیوں کے بچوں کو راولپنڈی کے سکولوں میں رعایت دینے کے حوالے سے ایم او یو پر دستخط کرنے پر اتفاق رائے کیا گیا جس کیلئے جلد ایک تقریب منعقد کر کے باضابطہ طور پر ایم او یو پر دستخط کئے جائیں گے۔

بقیہ 24

آراستہ کرنے کے لیے الخدمت سے تعاون کریں۔ الخدمت ان میں سے نمایاں کامیابی حاصل کرنے والے بچوں کو مری الخدمت کالج اسلام آباد میں اعلی تعلیم کیلئے مکمل اسکالرشپ مہیا کرے گی۔ معاشرے میں موجود والد کے سائے سے محروم لاکھوں بچوں کی تعلیم وتربیت کر کے ذمہ دار شہری بنایا جاسکتا ہے۔ پورے پاکستان میں بیس ہزار سے زائد یتیم بچے الخدمت کی زیرکفالت ہیں۔ کسی بھی یتیم کے سر پر دست شفقت رکھنا اور اسکی سرپرستی کرنا شفاعت رسول صلی اللہ علیہ وسلم اور جنت کے حصول کا ذریعہ بن سکتا ہے۔ ۔ ان خیالات کا اظہار الخدمت فاؤنڈیشن سندھ کے نائب صدر محمد یونس نے جماعت اسلامی کے فلاحی ادارے الخدمت فاؤنڈیشن کے تحت عالمی یوم یتامی ورلڈ آرفن ڈے کے موقع پر ضلعی ہیڈ کوارٹر کے مقامی ہال میں الخدمت فاؤنڈیشن کے زیر کفالت 171 بچوں اور انکی باہمت ماں کے اعزاز میں منعقدہ افطار ڈنر کی پروقار تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب سے ڈپٹی سیکریٹری جماعت اسلامی محمد اکرم شیخ، ضلعی صدر الخدمت فاؤنڈیشن محمد نادر خان نے بھی خطاب کیا۔ تقریب میں تاجر راہنما حاجی فقیر محمد میمن، ایوان صحافت کے سرپرست محمد ہاشم شر، امیر جماعت اسلامی محمد رفیق چوہان، صدر پبلک ایڈ کمیٹی حاجی نورالٰہی مغل، معروف صحافی فلک شیر۔ سابق یوسی ناظم ذاکر حسین شیخ سمیت معززین اور الخدمت کے رضا کاروں نے شرکت کی۔

بقیہ 25

ریڑھیاں، کاونٹر، بینچ وغیرہ شامل ہیں۔ واضح رہے روزنامہ عوامی للکار میں تجاوزات کیخلاف آواز اٹھائی گئی تھی جس پر کینٹ بورڈ راولپنڈی کے افسران نے نوٹس لیا ہے

بقیہ 26

کو فروغ دینے کے لئے اٹھائے گئے اقدامات، ملکی و بین الاقوامی سطح پر منعقد کیے گئے صنعتی نمائشوں، مختلف ممالک میں تعینات ٹریڈ آفیسرز کی کارکردگی اور تعیناتی سے متعلق دیگر امور کا تفصیل سے جائزہ لیا گیا۔ سینیٹر دنیش کمار نے کہا کہ ادارے کی جانب سے ورکنگ پیپرز آج صبح فراہم کیے گئے ہیں بغیر سٹڈی کیے کس طرح سوال وجواب کر سکتے ہیں۔ قائمہ کمیٹی کو قانون کے مطابق وقت پر ورکنگ پیپر فراہم کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی وزیر تجارت بھی کمیٹی اجلاس میں شرکت نہیں کرتے گزشتہ اجلاس میں واضح درخواست کی تھی کہ متعلقہ وزیر اپنی شرکت یقینی بنائیں ورنہ کمیٹی اجلاس میں احتجاجا واک آؤٹ کیا جائے گا

بقیہ 27

ایل میں ڈالنے کا حکم دے۔ عدالت نے استفسار کیا کہ کیا گارڈین جج کے پاس بچوں کے نام ای سی ایل میں ڈالنے کا اختیار ہے۔ بیرسٹر رداانور نے عدالت کو بتایا کہ عدالت کے پاس اختیار ہے، عدالتی فیصلے بطور نظیر پیش کر دیتے ہیں۔ عدالت نے اپنے فیصلے میں قرار دیا کہ جدید فیصلوں کی نظر میں بچوں کا نام ای سی ایل میں ڈالا جا سکتا ہے۔ عدالت نے حنین سلمان اور زوہان احمد کا نام ای سی ایل میں ڈالنے کا حکم دے دیا

بقیہ 28

صورت میں یہ بل منظور کرنے کی تحریک پیش کی جس کی ایوان نے منظوری دیدی۔ بعدازاں چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی نے شق وار منظوری کیلئے یہ بل ایوان میں پیش کیا جس کی ایوان نے منظوری دیدی

بقیہ 29

میں مفت کتابیں فراہم نہ کر سکا۔ ایلیمنٹری حصے کی اکثر کتابیں شارٹ ہوگئیں۔ ویئر ہاؤسز کو بھی تاحال کتابوں کی مکمل سپلائی نہ مل سکی۔ انچارج ویئر ہاؤس علی رضا بھٹی کا کہنا تھا کہ ایلیمنٹری کلاسز کا کورس تبدیل ہونے سے کتابیں تاحال موصول نہیں ہوئیں۔ جیسے ہی نئی کتابیں موصول ہوں گی سکولوں تک پہنچا دی جائیں گی۔ چھٹی جماعت کی سائنس اور ریاضی کی کتابیں تاحال نہ مل سکیں۔ ساتویں اور آٹھویں جماعت کی سائنس، ریاضی، اردو، عربی اور تاریخ کی کتابیں بھی تاحال نہیں مل سکی ہیں۔ دہم کلاس کیلئے ترجمۃ القرآن کی کتاب بھی تاحال نہ مل سکی

بقیہ 30

میں ہوگا، سابق صدر آصف زرداری نے پارٹی کے سینئر رہنماؤں کو بلایا ہے۔ پیپلز پارٹی کے سیکرٹری جنرل نیئر بخاری، فرحت اللہ بابر، شیری رحمان، قمرالزمان کائرہ اور ساجد طوری سمیت دیگر رہنما بھی اجلاس میں شریک ہوں گے۔ سپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف کی بھی اجلاس میں شرکت کا امکان ہے، اجلاس میں انتخابات سے متعلق اہم مشاورت بھی ہوگی۔

بقیہ 31

کو بڑا فروغ ملا ہے، مہمند ڈیم منصوبہ خوراک اور پانی کی حفاظت کو بہتر بنانے اور صوبہ خیبر پختونخوا میں سماجی اقتصادی ترقی کو فروغ دینے کے لیے ہے، مہمند ڈیم منصوبہ صاف توانائی اور پانی کی رسائی کو بڑھانے کے لیے، پاکستان میں ایس ڈی جیز کی حمایت کرتا ہے۔

بقیہ 32

اعتماد نہیں تھا۔ اس لیے انہوں نے فوری قسط واپس نہیں کی۔ آئی ایم ایف بھی جانتا ہے کہ پاکستان کو پیسے دینا انتہائی ضروری ہے۔ آئی ایم ایف ڈالر نہیں دے گا تو انہیں بھی پتہ ہے پاکستان ڈیفالٹ کی طرف جائے گا۔ سعودی عرب کی یقین دہانی کے باوجود ہمیں 3 سے 4 ارب ڈالر مزید چاہئیے۔ 3,4 ارب ڈالر ملنے کے بعد ہم آئی ایم ایف سے مزید بات کر سکیں گے۔ جون میں آئی ایم ایف پروگرام ختم ہوگا تو فوری دوسرے پروگرام کی طرف جانا ہوگا۔ مفتاح اسماعیل نے کہا میرے خیال سے ہم آئی ایم ایف سے معاہدے کے قریب پہنچ گئے ہیں۔ سیاسی عدم استحکام ہے۔ اس لیے دوست ممالک اسے بھی دیکھ رہے ہیں۔ جبکہ انہوں سے سستا پٹرول سکیم سے متعلق حکومت کی غلطی کا اعتراف کرتے ہوئے کہا کہ حکومت نے پٹرول پر سبسڈی دینے سے متعلق جلد بازی کا مظاہرہ کیا۔ پٹرول پر سبسڈی سے متعلق عالمی مالیاتی ادارے کو سمجھانا ضروری ہے۔ پٹرول پر سبسڈی آئی ایم ایف کی منظوری کے بغیر نہیں ہوگی۔ خیال رہے کہ عالمی مالیاتی ادارے (آئی ایم ایف) نے پیٹرول پر مجوزہ سبسڈی کی ابتدائی تجویز مسترد کر دی تھی۔ آئی ایم ایف نے حکومت کی جانب سے موٹر سائیکل اور 800 سی سی سے کم گاڑیوں کے لیے سستے پیٹرول کی اسکیم پر شدید اعتراض کرتے ہوئے حکومت سے مکمل پلان طلب کیا ہے، عالمی مالیاتی ادارے نے سوالات اٹھائے ہیں کہ اس اسکیم کے لیے کتنی سبسڈی درکار ہوگی؟ وہ کہاں سے آئے گی اور اس کے کتنے کنزیومر ہوں گے؟ اسکیم میں کتنا نقصان ہوگا؟۔ رپورٹ میں ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان ورچوئل رابطہ ہوا، اس دوران آئی ایم ایف نے پیٹرول پر سبسڈی کا نظرثانی شدہ پلان تیار کرنے پر زور دیتے ہوئے غریب طبقے کو زیادہ مؤثر ٹارگٹڈ سبسڈی دینے کی ہدایت کی ہے

بقیہ 33

عالمی امدادی اداروں کو حکومتی اصلاحات سے آگاہ کریں گے۔ وزیر خزانہ اسحاق ڈار 10 تا 16 اپریل امریکا کا دورہ کرنا تھا، وزیر خزانہ عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) اور عالمی بینک کی اسپرنگ میٹنگ میں شرکت کرنا تھی۔ سیکرٹری خزانہ اور گورنر اسٹیٹ بینک بھی وزیرخزانہ کے ساتھ امریکا جانا تھا۔ ذرائع کے مطابق دورہ واشنگٹن میں آئی ایم ایف حکام سے علیحدہ ملاقات کی جائے گی، وزیرخزانہ عالمی امدادی اداروں کو حکومتی اصلاحات سے آگاہ کریں گے، عالمی امدادی اداروں کو معاشی نظم وضبط سے آگاہ کیا جائیگا۔ ذرائع کے مطابق عالمی امدادی اداروں کو دوست ملکوں سے فنڈنگ کی پیش رفت سے بھی آگاہ کیا جائیگا۔ دوسری جانب اسحاق ڈار سے امریکی سفیر کی ملاقات ہوئی ہے۔ وزیرخزانہ نے امریکی سفیر کو ملک کی معاشی صورتحال اور درپیش مسائل سے آگاہ کیا۔ انہوں نے اقتصادی زوال کو روکنے اور معیشت کو معاشی استحکام ونمو کے لیے حکومت کی جانب سے کیے جانے والے عملی پالیسی فیصلوں پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے امریکی سفیر کو آئی ایم ایف کے ساتھ ہونے والے مذاکرات میں پیش رفت سے بھی آگاہ کیا اور پروگرام کو مکمل کرنے کے لیے حکومت کے عزم کا اعادہ کیا۔ امریکی سفیر ڈونلڈ بلوم نے ملک کی معاشی استحکام اور عوام کی سماجی واقتصادی ترقی کے لیے حکومت کی پالیسیوں اور پروگراموں پر اعتماد کا اظہار کیا۔ انہوں نے دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ اقتصادی، سرمایہ کاری اور تجارتی تعلقات کو مزید فروغ دینے کے لیے اپنی حمایت کا اظہار بھی کیا

بقیہ 34

طاہر نے دوران سماعت ریمارکس دیے کہ فریقین کو بلا کر پوچھ لیتے ہیں، مناسب احکامات جاری کریں گے۔ عدالت کا فریقین کو نوٹس جاری کرتے ہوئے اگلے ہفتے تک جواب طلب کر لیا۔

بقیہ 35

کمیشن کو لاپتا افراد کے مجموعی طور پر 9534 مقدمات موصول ہوئے۔ کمیشن کی جانب سے جمع کرائی گئی رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ 31 مارچ تک لاپتا افراد کمیشن نے 7105 مقدمات نمٹائے۔ لاپتا افراد کمیشن کے پاس اس وقت زیرالتوا مقدمات کی تعداد 2370 ہے

بقیہ 36

افواج کے مختلف آپریشنز میں شہید ہونے والے نوجوانوں کے لئے فاتحہ خوانی کی گئی، سینیٹر مشتاق احمد نے فاتحہ خوانی کروائی۔ اس موقع پر اپوزیشن لیڈر شہزاد وسیم نے سینیٹ میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ آج ملک میں جبر کا راج ہے، پی ٹی آئی کے کارکنان کو ڈرایا نہیں جاسکتا۔ شہزاد وسیم نے کہا کہ سپریم کورٹ نے تاریخ ساز فیصلہ کیا، سپریم کورٹ نے فیصلے میں آئین کی بالادستی کو یقینی بنایا، حکومتی ہتھکنڈوں کے باوجود سپریم کورٹ ثابت قدم رہی۔ انہوں نے مزید کہا کہ سپریم کورٹ نے عوام کے حق میں فیصلہ دیا ہے، عوام سپریم کورٹ کے فیصلے پر عملدرآمد یقینی بنائیں گے، کابینہ نے فیصلہ دیا کہ وہ سپریم کورٹ کے فیصلے نہیں مانیں گے۔ شہزاد وسیم کا کہنا تھا کہ قومی اسمبلی میں بھی قرار داد کے ذریعے عدلیہ پر تنقید کی گئی، 372 کے ایوان میں سے 42 ارکان نے قرار داد پیش کی، بتایا جائے کہ قرار داد اکثریتی ہے یا اقلیتی؟۔ اپوزیشن لیڈر کا کہنا تھا کہ حکمرانوں کی دلچسپی ترازو کے پلڑو میں نہیں، ترازو پکڑنے میں ہے، ملک نے کسی کی خواہش پر نہیں، آئین کے مطابق چلنا ہے

بقیہ 37

نہیں ہونی چاہیے۔ تحریری حکم کے مطابق لوگوں کو لائنوں میں کھڑا کر کے اشیائے خورونوش فراہم کرنا عزت نفس مجروح کرنے کے مترادف ہے۔ اس تقسیم کو میڈیا پر نشر کرنا جلتی پر تیل کے مترادف ہے۔ حکومتی فنڈ سے اپنی حکومتی کارکردگی کی تشہیر کرنا کرپٹ پریکٹس اور بدیانتی ہے۔ قرآن کریم بھی خیرات کی تقسیم کے بارے میں ذاتی تشہیر سے روکتا ہے۔ فیصلے میں قرآنی آیات کو بھی عدالتی حکم کا حصہ بنایا گیا ہے، جس میں کہا گیا ہے کہ قرآن مجید اور آئین انسانی عزت وتکریم کی ضمانت دیتا ہے۔ اشیائے خورونوش کی تقسیم کا طریقہ کار میڈیا میں پبلک نہیں ہونا چاہیے۔ اشیائے خورونوش کی ایسی تقسیم جس میں انسانی عزت ونفس مجروح ہوا سے روکا جائے۔ عدالت نے تحریری حکم میں کہا کہ سرکاری وکیل کے مطابق پنجاب میں بے نظیر انکم سپورٹ کے علاوہ 12.3 ملین مستحق فیملیز کی نشاندہی کی گئی۔ پنجاب حکومت ان مستحق فیملیز کو ڈائریکٹ سبسڈی دے گی۔

بقیہ 38

، اس قسم کے اعتراضات سے عوام کے عدالت پر اعتماد پر اثر پڑتا ہے، سپریم کورٹ نے اپنے ماضی سے کوئی سبق نہیں سیکھا۔ تفصیلی نوٹ میں کہا گیا کہ سپریم کورٹ سمیت تمام اداروں کو انا ایک طرف رکھ کر اپنی آئینی ذمہ داریاں پوری کرنی چاہیے، سیاستدان مناسب فورمز کے بجائے عدالت میں تنازعات لانے سے ہارتے یا جیتتے ہیں عدالت ہر صورت ہارتی ہے۔ پی ٹی آئی کے استعفوں سے سیاسی بحران میں اضافہ ہوا۔ یاد رہے کہ اس سے قبل جسٹس یحیٰی آفریدی نے پنجاب اور خیبر پختونخوا کیس میں تحریری نوٹ جاری کیا، تحریری نوٹ میں جسٹس یحیٰی آفریدی نے قرار دیا کہ انتخابات کا معاملہ لاہور اور پشاور ہائیکورٹس میں زیرالتوا ہے، سپریم کورٹ ماضی میں کہہ چکی ہے کہ اگر معاملہ ہائیکورٹ میں زیرالتوا ہو تو مداخلت نہیں کی جا سکتی۔ انتخابات کیس میں فریقین سیاسی مؤقف تبدیل کرتے رہتے ہیں، سیاسی معاملہ عروج پر ہو تو عدالت کو مداخلت سے گریز کرنا چاہیے۔ تحریری نوٹ میں یہ بھی قرار دیا گیا کہ از خود نوٹس اور آئینی درخواستیں ناقابل سماعت ہیں۔ بینچ کا حصہ رکھنے کا معاملہ چیف جسٹس پر چھوڑتا ہوں اور خود کو بینچ کا حصہ برقرار رکھنا مناسب نہیں سمجھتا، دوران سماعت آبزرویشن ہائیکورٹ میں مقدمے کو متاثر کرسکتی ہے۔

بقیہ 39

اپنے جسم کے ان حصوں پر گولیاں لگنے کے بعد شہادت پائی جو بلٹ پروف جیکٹس اور ہیلمٹ سے ڈھکے ہوئے نہیں تھے، حملہ آوروں نے 48 گولیاں چلائیں اور ان میں سے صرف دو ہیلمٹ اور جیکٹس کو لگیں۔ ان کا کہنا تھا کہ گولیوں نے خود کش جیکٹوں پر چھوٹے نشان چھوڑے لیکن ان میں داخل نہیں ہوئیں جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ ان جیکٹس میں گولیاں نہیں جا سکتیں۔ پولیس اہلکار ایاز اور قاسم 3 اپریل کو کوہاٹ کے علاقے میروزئی میں بنوں روڈ پر عسکریت پسندوں کے حملے میں جان سے ہاتھ دھو بیٹھے تھے۔ دونوں پولیس اہلکار مسجد ابوبکر اور مسجد حمزہ میں نماز تراویح کی سیکیورٹی ڈیوٹی کے لیے جا رہے تھے۔ حملے کے فوراً بعد محمد ریاض شہید پولیس اسٹیشن کے سربراہ اسلام الدین نے دعویٰ کیا تھا کہ عسکریت پسندوں کی جانب سے چلائی گئی گولیاں بلٹ پروف جیکٹس اور شہید ہونے والے پولیس اہلکاروں کے ہیلمٹ میں سے پار ہوگئی تھیں۔

بقیہ 40

25 پیسے پر ٹریڈ کر رہا ہے۔ گذشتہ روز انٹربینک میں ڈالر 3 روپے 3 پیسے سستا ہوا تھا۔ ڈالر انٹربینک میں 284 روپے 50 پیسے پر ٹریڈ کرتا رہا۔ اوپن مارکیٹ میں ڈالر ایک روپے 50 پیسے سستا ہونے کے بعد 294 روپے کا ہو گیا تھا۔ رواں ہفتے انٹربینک اور اوپن مارکیٹ میں ڈالر کی قدر میں اضافہ کا سلسلہ جاری تھا۔ دوسری جانب زرمبادلہ کے ذخائر 36 ملین ڈالر کی کے بعد 9.75 ارب ڈالر ہوگئے۔ اسٹیٹ بینک کی جانب سے جاری کردہ اعداد وشمار کے مطابق 31 مارچ 2023 کو سٹیٹ بینک کے پاس زرمبادلہ کے ذخائر کا حجم 4.20 ارب ڈالر اور کمرشل بینکوں کے پاس زرمبادلہ کے ذخائر کا حجم 5.55 ارب ڈالر ریکارڈ کیا گیا۔ گزشتہ ہفتہ کے دوران زرمبادلہ کے ذخائر میں 36 ملین ڈالر کی کمی دیکھنے میں آئی۔ بیرونی ادائیگیوں کی وجہ سے زرمبادلہ ذخائر میں کمی آئی۔ یہاں یہ واضح رہیکہ پاکستان مسلم لیگ ن، پیپلز پارٹی سمیت 13 جماعتوں کی اتحادی حکومت کے قیام کے بعد سے گزشتہ ایک سال ملکی معیشت کیلئے تباہ کن ثابت ہوا۔ صرف ایک سال کے دوران مہنگائی نے عوام کو روند ڈالا، افراط زر میں اضافے کے تمام ریکارڈ ٹوٹ گئے، ملکی خزانہ تقریباً خالی ہوگیا۔ ایک سال کے دوران ڈالر 102 روپے سے زائد مہنگا ہو چکا، سرکاری زرمبادلہ ذخائر 16 ارب ڈالرز سے کم ہو کر 4 ارب ڈالرز کی کم ترین سطح پر آ چکے، جبکہ مہنگائی کی سالانہ شرح 200 فیصد اضافے سے 12 فیصد سے بڑھ کر 35 فیصد سے زائد ہو چکی۔

بقیہ 41

چک گوجرہ ٹائر کے نیچے آ کر جاں بحق ہوگیا۔ متوفی کی میت تھانہ جھنگ بازار پولیس نے تحویل میں لیتے ہوئے ضابطہ کی کارروائی شروع کردی۔ ترجمان نے بتایا کہ جھنگ روڈ پر چک 73 ج ب سلطان میرج ہال کے قریب موٹر سائیکل اور بس میں تصادم ہوا۔ حادثہ میں 35 سالہ سیف اللہ ولد لال خان جاں بحق ہوگیا اور 24 سالہ بھائی امان اللہ ولد لال خان زخمی ہوا۔ دونوں بھائی اٹھارہ ہزاری 5 مرلہ سکیم جھنگ سٹی کے رہائشی ہیں۔ زخمی کو موقع پر طبی امداد فراہم کی گئی۔ انہوں نے بتایا کہ سمندری روڈ پر جہانگیر موڑ کے قریب زائرین سے بھری کوسٹر الٹنے سے 9 سالہ بچے سمیت 23 افراد زخمی ہوگئے۔ زائرین جمعۃ المبارک کی نماز کی ادائیگی کیلئے بابا صوفی برکت علی لدھیانوی کے دربار آ رہے تھے کہ جہانگیر موڑ سمندری کے قریب ڈرائیور کو نیند آنے کی وجہ سے کوسٹر الٹ گئی۔ حادثہ میں 9 سالہ بچہ ضیاالرحمان ولد برکت علی، 12 سالہ معز ولد عابد، ارشد علی ولد عالم شیر، ایم بوٹا ولد سلیمان، ایم عرفان ولد باقر علی، عالم شیر ولد سلطان محمد، جاوید اقبال سخاوت علی، اسد علی ولد عالم، علی احمد ولد ایم اشرف، سانول ولد جہانگیر، حنیف ولد لطیف، عابد ولد یوسف، ایم طفیل ولد سعید، اظہر حیات ولد یوسف، ذوالفقار علی ولد ہدایت، احمد ولد منظور حسین، برکت علی ولد نور محمد، سیف اللہ ولد رشید، امیر حمزہ ولد جیلانی خان، منظور حسین ولد عبدالرحمان اور اللہ دتہ ولد شیر محمد زخمی ہوئے۔ ریسکیو 1122 کی امدادی ٹیموں نے پانچ شدید زخمی افراد کو الائیڈ ہسپتال فیصل آباد منتقل کردیا۔ حادثہ کا شکار ہونیوالے افراد کا تعلق چک 65 گ ب ساہیوال سے بتایا جاتا ہے۔

بقیہ 42

کریں نکاح کو عام کریں۔ محفل تکمیل قرآن کی نظامت کے فرائض دعا میرج کنسلٹینسی کی انتظامیہ افشین عامر، مہوش خان، زہرہ عاصم اور سیدہ ثوبیہ شاہ نے نبھائے تقریب کے اختتام پر تمام شرکا کو کھانا کھلایا گیا میں مٹھائی تقسیم کی گئی

بقیہ 43

انجن میں خرابی پیدا ہوئی۔ ذرائع کے مطابق طیارے کو پش بیک کے دوران ہی انجن میں خرابی ہوئی۔ کپتان نے انجن کو اسٹارٹ کیا تو انجن سٹارٹ نہ ہو سکے۔ جبکہ کچھ دن قبل اسلام آباد سے جدہ جانے والے نجی ایئرلائن کے طیارے نے کراچی ایئرپورٹ پر ہنگامی لینڈنگ کی۔ طیارے کے کپتان نے کراچی ایئر ٹریفک کنٹرول کو ہنگامی لینڈنگ کی اطلاع دی جس کے بعد طیارہ بحفاظت کراچی ایئرپورٹ پر لینڈ کر لیا گیا تھا۔ ذرائع کے مطابق نجی ایئرلائن کی پرواز میں 150 سے زائد مسافر سوار تھے اور دوران پرواز طیارے میں فنی خرابی پیدا ہوئی۔ دوسری جانب کراچی سے کینیڈا جانے والی قومی ایئرلائن کی پرواز کی اوسلو میں ہنگامی لینڈنگ ہوئی۔ کراچی سے روانہ ہونے والی پی آئی اے کی فلائٹ پی کے 783 میں دوران پرواز مسافر کی حالت بگڑ گئی تھی۔ ترجمان پی آئی اے کے مطابق طیارے کی ایمرجنسی میڈیکل گراونڈ پر لینڈنگ کے سبب مسافر کو طبی امداد اور دیگر امور کے دوران 4 گھنٹے پرواز مقررہ منزل سے لیٹ ہوئی۔

بقیہ 44

انکوائری شواہد کی عدم دستیابی کے باعث بند کی گئی ہے۔ محکمے نے ریسکیو 1122 میں مبینہ کرپشن اور اختیارات کے ناجائز استعمال کی انکوائری 2019ء میں شروع کی تھی۔ اینٹی کرپشن ذرائع کے مطابق ڈی جی ریسکیو 1122 ڈاکٹر رضوان نصیر سمیت دیگر افسران کے خلاف تحقیقات کی جارہی تھیں اس دوران اینٹی کرپشن نے ڈی جی ریسکیو 1122 سمیت دیگر افسران کو متعدد بار طلب بھی کیا تھا۔ واضح رہے کہ ریسکیو 1122 میں پرنٹنگ کے لیے من پسند ٹھیکیداروں کو نوازنے اور بوگس کمپنیوں کے ذریعے ادویات کی خریداری کی مد میں گھپلوں کی انکوائری کی جاری تھی، جو کہ اب عدم شواہد کی بنیاد پر بند کردی گئی ہے۔

بقیہ 45

کہا کہ معروف خان اور انکی ٹیم کے مشکور ہے جنہوں نے ہمارے پسماندہ علاقے کو اپنے فلاحی کاموں میں کبھی بھی نہیں بھولا۔ مہنگائی اور بیروزگاری کے اس دور میں سلائی سنٹر سے خواتین کو باعزت روزگار ملے گا۔ معروف کاروان حسب استطاعت ہر قوم اور علاقے کی خدمت میں مصروف ہے۔ اللہ تعالی مزید توفیق عطا فرمائے آمین

بقیہ 46

کھولنے کی اجازت دے دی جبکہ درخت کاٹنے کی اجازت دینے والے افسران کے خلاف فوری مقدمات درج کرنے کا حکم دے دیا۔ جسٹس شاہد کریم نے ریمارکس دیئے کہ درختوں کی کٹائی کسی صورت برداشت نہیں ہوگی، عدالت نے واسا کو لاہور کے انڈر گراؤنڈ پانی کی سطح دوبارہ چیک کرنے کا بھی حکم دیا۔ لاہور ہائیکورٹ نے نجی ہاؤسنگ سوسائٹیز کو راستے کی اجازت دینے پر ڈی جی پی ایچ اے کیخلاف مقدمہ درج کرنے کا بھی عندیہ دیا اور ریمارکس دیئے کہ اجازت نامے سے درخت کاٹنے ثابت ہوگئے تو ڈی جی پی ایچ اے کیخلاف عدالت خود مقدمہ درج کرائے گی، درخت کاٹنا انسانی قتل جیسا ہے، گلوبل وارمنگ ہم سے دور نہیں بلکہ آ چکی ہے۔ یاد رہے کہ اس سے قبل لاہور ہائیکورٹ نے اسموگ کے تدارک سے متعلق کیس میں عید تک بیکریوں کو رات ایک بجے تک کھولنے کی اجازت دی جبکہ حکومت کو ماحولیاتی سفیر مقرر کرنے کا بھی حکم دیا۔ جسٹس شاہد کریم نے شہر میں جگہ جگہ انڈر پاسز بنانے پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے قرار دیا کہ جہاں دل کرتا ہے انڈر پاس بنا دیتے ہیں، سڑکوں کی ری ماڈلنگ کے بجائے انڈر پاسز بنائے جا رہے ہیں، مسائل پھر بھی حل نہیں ہو رہے بلکہ بڑھ رہے ہیں۔ ٹریفک پولیس کی استعداد بڑھانے کی ضرورت ہے، ان کے پاس کیمرے اور دیگر آلات ہونے چاہئیں، ٹریفک پولیس کو مزید طاقتور کرنے کی ضرورت ہے، واٹر اینڈ انوائرمنٹل کمیشن آئندہ سماعت پر ماحولیاتی سفیر کے لیے نام تجویز کرے

بقیہ 47

شروع کردی گئی ہے۔ اس سلسلے میں تمام زاویوں کو مدنظر رکھ تحقیقات کی جارہی ہیں۔ ملزمان کو ٹریس اور گرفتار کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی

بقیہ 48

کی اہلیت اور سیکشن 7 ای کے قوانین کو چیلنج کیا گیا تھا۔ جج نے مشاہدہ کیا کہ مقننہ کی جانب سے سیاسی، اقتصادی اور سماجی عوامل کے ساتھ ساتھ بین الاقوامی معاہدوں اور معاہدوں سے متاثر ہو کر تمام قسم کے ٹیکس لگانے کے واقعات یا حالات، براہ راست یا بالواسطہ، قانون سازی کا فیصلہ کیا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسی شخص یا جائیداد پر ٹیکس عام طور پر براہ راست ٹیکس ہوتا ہے اور لین دین پر ٹیکس بالواسطہ ہوتا ہے، چونکہ یہ لین دین کے ساتھ جاتا ہے اور جہاں لین دین ختم ہوتا ہے

بقیہ 49

ساتھ دیں تو سماجی خدمات کا دائرہ مزید بڑھایا جاسکتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز ضلعی سیکرٹریٹ البلال پلازہ چاندنی چوک میں مستحق گھرانوں میں راشن بیگز کی تقسیم کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا، اس موقع پر تحریک منہاج القرآن، پاکستان عوامی تحریک اور منہاج یوتھ لیگ کے ضلعی راہنماء انار خان گوندل، ملک سلیم اعوان دیوانہ، سہیل عباسی، فیضان علی، مدثر عباسی، اخلاق احمد اور دیگر بھی موجود تھے۔ منہاج یوتھ لیگ راولپنڈی کے صدر راجہ عامر جاوید کا کہنا تھا کہ مہنگائی، بیروزگاری اور بے مقصدیت سے تنگ آ کر بہت سے نوجوان جرائم کی طرف راغب ہو رہے ہیں، ایسے نوجوانوں سے درخواست ہے کہ دین اور انسانیت کی خدمت کیلئے ہمارے ساتھ کام کریں ان کی دنیاء اور آخرت دونوں سنور جائیں گئیں، اب تک راولپنڈی کے پانچ سو نادار گھرانوں کو ایک ماہ راشن دے چکے ہیں۔

بقیہ 50

افسران کو شہر کی صفائی کے احکامات دیتے ہوئے کہا کہ غیر معیاری صفائی کی صورت میں متعلقہ افسران ذمہ دار ہونگے، جبکہ کچرے کو اٹھانے کے عمل کو تیز کیا جائے۔ اس موقع پر سینئر منیجر آپریشن محمد حسنین نے سی ای او کو رمضان المبارک میں صفائی کے انتظامات پر تفصیلی بریفنگ دی کہ شہر کے مختلف علاقوں سے روزانہ کئی ٹن کچرہ جمع ہوتا ہے اور روزانہ کی بنیاد پر لینڈ فل سائیٹ منتقل کیا جاتا ہے، کچرا اٹھانے کے عمل کو مزید موثر بنایا جا رہا ہے تاکہ بروقت شہر کو کوڑا کرکٹ سے پاک کیا جاسکے، اور شہریوں کی طرف سے موصول ہونے والی شکایات کے فوری ازالے میں بھی مدد مل سکے، سی ای او رانا ساجد صفدر نے ماہ رمضان کے بعد بھی شہر میں صفائی کے آپریشن کو مربوط نظام کے تحت جاری رکھنے کی ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ روڈ اور فٹ پاتھوں پر جھاڑو پھیرنے کے ساتھ ساتھ گلی محلوں خاص کر اندرون شہر میں بھی صفائی یقینی بنائی جائے، انہوں نے گھر گھر سے کچرا اٹھانے کے عمل کو مزید بہتر بنانے کے لئے آپریشنل سٹاف کو ہدایات بھی جاری کیں، سی ای او آر ڈبلیو ایم سی رانا ساجد صفدر نے اہلیان راولپنڈی کیلئے اپنے پیغام میں کہا کہ یہ ماہ مقدس ہے روحانی پاکیزگی کے ساتھ ساتھ اپنے گھر گلی محلے اور شہر کو صاف رکھنا بھی ضروری ہے۔ اس سلسلے میں آر ڈبلیو ایم سی کی سوشل موبلائزیشن اینڈ کیمونیکیشن ٹیم نے گزشتہ روز یوسی 16 محلہ عیدگاہ کی مساجد میں آگاہی مہم کا انعقاد کیا، امام صاحبان سے درخواست کی کہ اپنے خطبات میں صفائی کا پیغام عام کریں، اپنے بیان میں، خصوصا جمعہ کے خطبات کے دوران صفائی کے مسئلے پر خاص توجہ دیں اور صفائی کی اہمیت اور افادیت کے بارے میں اجاگر کریں، مساجد میں آئے نمازیوں میں سوشل موبلائزیشن ٹیم نے صفائی کی اہمیت اور افادیت سے متعلق آگاہی پمفلٹس بھی تقسیم کئے

بقیہ 51

آخرالزماں حضرت محمد مصطفیؐ کے ساتھ رہنے کا شرف حاصل ہوا۔ آپؓ اخلاق حسنہ میں بھی سب سے ممتاز تھیں اور آپؓ نے بڑی تعداد میں غلاموں کو آزاد کروایا۔ ام المومنین عائشہ صدیقہؓ کے یوم وفات کے موقع پر ملک بھر کے تمام شہروں میں سیمینارز، کانفرنسز اور خصوصی تعزیتی تقریبات کا بھی اہتمام کیا جائے گا جن میں علمائے کرام، مشائخ عظام، مذہبی دانشور اور دیگر اہم دینی شخصیات آپؓ کی سیرت وکردار اور حیات طیبہ پر تفصیلی روشنی ڈالیں گی۔ اس موقع پر الیکٹرانک میڈیا پر خصوصی پروگرامات نشر کئے جائیں گے جبکہ پرنٹ میڈیا بھی خاص مضامین کی اشاعتوں کا اہتمام کرے گا۔ آپؓ نے 17 رمضان المبارک 58ھ کو 67 سال کی عمر میں وصال فرمایا۔ آپؓ کی وصیت کے مطابق نماز جنازہ معروف صحابی حضرت ابو ہریرہؓ نے پڑھائی اور آپؓ کو جنت البقیع میں سپرد خاک کر دیا گیا

بقیہ 52

کارروائی کرتے ہوئے جعلی اشٹام تیار کروا کر بجلی کا میٹر اپنے نام منتقل کروانے پر عبدالحمید کو گرفتار کر لیا ہے۔ پولیس نے ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کردی ہے۔

بقیہ 53

اور آٹھ شدید زخمی ہوگئے۔ گلگت میں واقع دیامیر بھاشا ڈیم کے تعمیراتی کام کے دوران بارودی مواد پھٹنے کا واقعہ پیش آیا ہے جس کے سبب چار افراد ہلاک ہوگئے ہیں اور زخمیوں کی تعداد بھی آٹھ تک بتائی جارہی ہے جو کہ شدید زخمی حالت میں ہیں۔ اطلاعات کے مطابق زخمیوں اور لاشوں کو اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے

بقیہ 54

۔ ریسکیو کنٹرول روم کو اطلاع ملنے پر ریسکیو 1122 صوابی کی ایمرجنسی میڈیکل ٹیم نے موقع پر پہنچ کر زخمی شخص کو ابتدائی طبی امداد فراہم کی اور بعدازاں کالوخان ہسپتال منتقل کردیا۔ زخمی شخص کی پہچان احسان اللہ عمر 32 سال سکنہ شیرہ غنڈ سے ہوئی۔ واقعہ کی وجہ تاحال معلوم نہیں ہو سکی۔

بقیہ 55

کی یاد آج بھی ہمارے دلوں میں تازہ ہے۔ شہداء کے عزم وہمت اور وطن پر قربان ہوجانے کے جذبے کو سلام پیش کرتے ہیں۔ اللہ تعالی تمام شہداء کے درجات بلند فرمائے۔ تاریخی ریسکیو آپریشن میں حصہ لینے والے پاک فوج کے جوانوں کے ہمت وحوصلے کی مثال نہیں ملتی۔ انہوں نے کہا کہ پوری قوم سکیورٹی اہلکاروں کی حفاظت کے لیے دعا گو ہے

بقیہ 56

گرفتاری حاصل کیے۔ وارنٹ گرفتاری عمر تنویر اور اس کے ملازمین داؤد، اللہ نور اور محمد سلیم کے حاصل کیے گئے۔ عمر تنویر سمیت چار ملازمین کے خلاف سینٹورس مال ڈائریکٹر ایچ آر کی مدعیت میں مقدمہ درج کیا گیا۔ مقدمے میں بتایا گیا کہ عمر تنویر کی ایما پر مسلح افراد کے ہمراہ ملازمین کو تشدد کا نشانہ بنایا گیا۔ ملازمین کو عمر تنویر کے آفس میں حبس بے جا رکھا گیا۔ خیال رہے کہ وزیراعظم آزاد کشمیر سردار تنویر الیاس پہلے بھی یہ الزام عائد کر چکے ہیں کہ انہیں سیاسی انتقام کا نشانہ بنایا جارہا ہے۔

بقیہ 57

اینڈ انڈسٹری کے صدر ڈاکٹر خرم طارق نے محترمہ ظل ہما کی تقرری کا خیرمقدم کیا ہے اور اس توقع کا اظہار کیا ہے کہ وہ اس مادر علمی کے تعلیمی اور تحقیقی معیار کو بہتر بنانے کے سلسلہ میں انڈسٹری اکیڈیمیا کے رابطوں کو بھی مزید بہتر بنائیں گی تاکہ ان سے عام لوگوں کیلئے آسانیاں پیدا کی جاسکیں۔

بقیہ 58

سے 26 لاکھ، 80 ہزار مستحقین میں آٹا سبسڈی کی رقم ادا کی جاچکی ہے۔

اس کے علاوہ حکومت سندھ کے گندم بیج سبسڈی پروگرام کے تحت ایک لاکھ 33 ہزار سیلاب متاثرہ کاشتکاروں میں بھی ساڑھے 3 ارب 15 کروڑ روپے بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے ذریعے تقسیم کیے گئے۔ بینک ایجنٹوں کی طرف سے رقم کی ادائیگی کے دوران کٹوتیوں کی شکایات کے خلاف کارروائی کیلئے کریک ڈاؤن، مقدمات کا اندراج اور ملزمان کی گرفتاریوں کا عمل بھی جاری ہیاور اس سلسلے میں بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے اعلی عہدیداران کی سربراہی میں مانیٹرنگ ٹیموں نے پنجاب، سندھ، بلوچستان اور دیگر علاقوں میں ادائیگی مراکز کے اچانک دورے کیےاور کٹوتی کی شکایات پر کاروائی کرتے ہوئے رقم کی کٹوتیوں میں ملوث ایجنٹوں کو بلیک لسٹ کیا گیا اور ایف آئی آرز بھی کٹوائی گئیں۔ وفاقی وزیر وچیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام محترمہ شازیہ مری نے مستحق خواتین کی رقم میں کٹوتی کرنے والے ایجنٹوں کے خلاف سخت کاروائی کی ہدایات کی گئی ہے۔ بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سے رقوم حاصل کرنے والوں کو مشورہ دیا گیا ہے کہ کسی بھی شکایت کی صورت میں بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے قریبی تحصیل آفس میں شکایات درج کروائیں یا ہیلپ لائن نمبر 0800-26477 پر رابطہ کریں۔

بقیہ 59

نے کارروائی کرتے ہوئے جعلی اشٹام تیار کروا کر بجلی کا میٹر اپنے نام منتقل کروانے پر عبدالحمید کو گرفتار کر لیا ہے۔ پولیس نے ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کردی ہے

بقیہ 60

کیو اسپتال منتقل کردیا ہے

بقیہ 61

اضلاع میں ملاوٹ مافیا کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں

بقیہ 62

گیا جس میں ضلع پولیس نے برآمد شدہ مال متعلقہ مالکان کے حوالے کیا۔ تقریب کی صدارت ریجنل پولیس آفیسر ڈاکٹر محمد عابد خان نے کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے سٹی پولیس آفیسر فیصل آباد سید علی ناصر رضوی نے بتایا کہ فیصل آباد پولیس نے موثر حکمت عملی اور بہتر پٹرولنگ پلان کے ذریعے ڈکیتی، راہزنی، کار/موٹر سائیکل چھیننا، چوری کی روک تھام اور شرپسند عناصر کیخلاف بھرپور کارروائی کے لیے شب وروز محنت کی۔ انہوں نے بتایا کہ ملزمان کی گرفتاری کے لیے متعدد ٹیمیں تشکیل دی گئیں جن کی سربراہی ایس ایس پی آپریشنز، ایس پی سی آئی اے اور ٹاؤن ایس پیز نے کی۔ ان ریڈنگ ٹیموں نے ٹیکنیکل برانچ کی معاونت سے ملزمان کی گرفتاری، سرقہ شدہ گاڑیوں اور دیگر سامان کی ریکوری کے لیے آزاد کشمیر، کراچی، پشاور، ہنگو جیسے دوردراز مقامات پر ریڈ کیے۔ ان ٹیموں نے ماہ فروری اور مارچ 2023 میں کارروائی کرتے ہوئے 462 مقدمات یکسو کیے اور 44 گینگ ٹریس کر کے ان کے 136 ملزمان کو گرفتار کیا جن سے کل 19 کروڑ 84 لاکھ 49 ہزار 3 سو 80 روپے مالیت کی برآمدگی کی گئی جبکہ 7 کروڑ 63 لاکھ 04 ہزار 2 سو 73 روپے کی نقدی بھی برآمد ہوئی۔ پولیس نے ملزمان کے قبضہ سے 39 عدد کاریں، 01 عدد ٹرک، 01 عدد منی ٹرک، 01 عدد ویگن، 01 عدد کیری ڈبہ، 199 عدد موٹر سائیکلز، 27 عدد مویشی اور 119 عدد موبائل فونز بھی برآمد جبکہ گرفتار شدہ ملزمان سے تفتیش کا عمل جاری ہے اور مزید مال مسروقہ کی برآمدگی بھی متوقع ہے۔ اس موقع پر انہوں نے برآمد شدہ مال مالکان کے حوالے بھی کیا جبکہ آر پی او نے اچھی کارکردگی کے حامل افسران واہلکاران میں تعریفی سرٹیفکیٹس بھی تقسیم کیے۔

مریم نواز کا چیف جسٹس عمر عطا بندیال سے استعفے کا مطالبہ

عمران خان کی حمایت میں چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس عمر عطا بندیال نے قانون اور آئین کی خلاف ورزی کی

آج تک کسی چیف جسٹس پر اس قسم کے مس کنڈکٹ کے الزامات نہیں لگے، چیف جسٹس کا پی ٹی آئی کی جانب جھکا نمایاں ہے، مریم

لاہور (خصوصی رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی سینئر نائب صدر اور چیف آرگنائزر مریم نواز نے چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس عمر عطا بندیال سے استعفے کا مطالبہ کردیا۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر اپنے پیغام میں لیگی رہنما مریم نواز نے کہا کہ عمران خان کی حمایت میں چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس عمر عطا بندیال نے قانون اور آئین کی خلاف ورزی کی۔ انہوں نے کہا کہ اختیارات کے غلط استعمال نے سپریم کورٹ میں بغاوت جیسی صورت حال کو جنم دیا، نامور ججز نے چیف جسٹس کے طرز عمل اور تعصب پر سنگین سوالات اٹھائے ہیں۔ مریم نواز کا مزید کہنا تھا کہ آج تک کسی چیف جسٹس پر اس قسم کے مس کنڈکٹ کے الزامات نہیں لگے، چیف جسٹس کا پی ٹی آئی کی جانب جھکا نمایاں ہے، چیف جسٹس عمر عطا بندیال کو مستعفی ہو جانا چاہیے۔

لاہور: پنجاب میں الیکشن، عمران خان نے ٹکٹس کیلئے امیدواروں کے انٹرویو شروع کردیے

پنجاب انتخابات، آصف زرداری نے اہم مشاورتی اجلاس طلب کرلیا

مشاورتی اجلاس آج شام چار بجے زرداری ہاؤس میں ہوگا، سابق صدر آصف زرداری نے پارٹی کے سینئر رہنماؤں کو بلایا ہے

سیکرٹری جنرل نیئر بخاری، فرحت اللہ بابر، شیری رحمان، قمرالزمان کائرہ اور ساجد طوری سمیت دیگر رہنما بھی اجلاس میں شریک ہوں گے

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) سپریم کورٹ کے الیکشن سے متعلق فیصلے پر سابق صدر آصف زرداری نے اہم مشاورتی اجلاس طلب کرلیا۔ ذرائع کے مطابق پیپلز پارٹی کا مشاورتی اجلاس آج شام چار بجے زرداری ہاؤس میں ہوگا، سابق صدر آصف زرداری نے پارٹی کے سینئر رہنماؤں کو بلایا ہے۔ پیپلز پارٹی کے سیکرٹری جنرل نیئر بخاری، فرحت اللہ بابر، شیری رحمان، قمرالزمان کائرہ اور ساجد طوری سمیت دیگر رہنما بھی اجلاس میں شریک ہوں گے۔ سپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف کی بھی اجلاس میں شرکت کا امکان ہے، اجلاس میں انتخابات سے متعلق اہم مشاورت بھی ہو گی۔ سپریم کورٹ کے الیکشن سے متعلق فیصلے پر سابق صدر آصف زرداری نے اہم مشاورتی اجلاس طلب کر لیا۔ ذرائع کے مطابق پیپلز پارٹی کا مشاورتی اجلاس آج شام چار بجے زرداری (بقیہ نمبر 30)

لاہور: عمران کی حمایت میں چیف جسٹس نے قانون و آئین کی خلاف ورزی کی، مستعفی ہوں: مریم نواز

سستا پٹرول سکیم، مفتاح اسماعیل نے حکومت کی غلطی کی نشاندہی کردی

حکومت نے پٹرول پر سبسڈی دینے سے متعلق جلد بازی کا مظاہرہ کیا

پٹرول پر سبسڈی آئی ایم ایف کی منظوری کے بغیر نہیں ہوگی۔ سابق وزیرخزانہ کی گفتگو

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) سابق وزیرخزانہ مفتاح اسماعیل کا کہنا ہے کہ حکومت نے پٹرول پر سبسڈی دینے سے متعلق جلد بازی کا مظاہرہ کیا تھا۔ انہوں نے نجی ٹی وی چینل سے گفتگو کرتے ہوئے موجودہ حکومت کو مشورہ دیا کہ انتخابات سے متعلق سپریم کورٹ کا فیصلہ آ گیا ہے تو اب حکومت کو اس پر عمل کرنا چاہیے۔ فل کورٹ بنتا تو میرا خیال ہے کوئی جج نوے دن کی حد سے باہر نہیں جاتا۔ سیاسی رہنماؤں کو تماشہ بند کرکے اب آپس میں بیٹھنا چاہیے۔ سابق وزیرخزانہ نے مزید کہا کہ آئی ایم ایف کو ہم پر (بقیہ نمبر 32)

سعودیہ نے مہمند ڈیم کیلیے 70 ارب روپے قرض فراہم کردیا

مہمند ڈیم منصوبہ 800 میگاواٹ بجلی پیدا کرے گا، زراعت کو فروغ ملے گا

اس فنڈ سے پاکستان کی توانائی کی حفاظت کو بڑا فروغ ملا ہے، اقتصادی امور ڈویژن

اسلام آباد (نامہ نگار) سعودی فنڈ فار ڈیولپمنٹ نے مہمند ڈیم پراجیکٹ کے لیے پاکستان کو 24 کروڑ ڈالر (69 ارب 8 کروڑ 94 لاکھ روپے) کا قرض دے دیا۔ اقتصادی امور ڈویژن نے اس حوالے سے بتایا ہے کہ مہمند ملٹی پرپز ڈیم پراجیکٹ کے لیے سعودی فنڈ برائے ترقی سے 240 ملین ڈالر کے قرض سے پاکستان کی توانائی کی منتقلی کی حمایت کی جائے گی جب کہ دونوں کے درمیان شراکت داری مضبوط ہوگی۔ اقتصادی امور ڈویژن نے کہا ہے کہ اس فنڈ سے پاکستان کی توانائی کی حفاظت (بقیہ نمبر 31)

اسلام آباد: چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی سے وزیراعلی بلوچستان عبدالقدوس بزنجو کی ملاقات

اسلام آباد ہائیکورٹ نے پی ٹی آئی رہنما مراد سعید کو گرفتار کرنے سے روک دیا

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) سابق وفاقی وزیر اور پی ٹی آئی رہنما مراد سعید کی جانب سے مقدمات کی تفصیلات فراہمی اور گرفتاری سے روکنے کی درخواست پر سماعت ہوئی، جس میں اسلام آباد ہائی کورٹ کیسز کی تفصیلات آنے تک مراد سعید کے خلاف تادیبی کارروائی نہ کرنے کا حکم دے دیا۔ اسلام آباد ہائی کورٹ کے جسٹس ارباب محمد (بقیہ نمبر 34)

مارچ میں لاپتا افراد کے 141 مقدمات درج، 59 نمٹا دیے گئے

لاپتا افراد کمیشن نے پیش رفت رپورٹ سپریم کورٹ میں جمع کرادی

لاپتا افراد کمیشن کے پاس اس وقت زیرالتوا مقدمات کی تعداد 2370 ہے

اسلام آباد (اسد جعفری سے) لاپتا افراد کمیشن نے پیش رفت رپورٹ سپریم کورٹ میں جمع کرادی، جس کے مطابق مارچ کے مہینے میں لاپتا افراد کے 141 مقدمات درج ہوئے اور 59 نمٹا دیے گئے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ مارچ میں 47 لاپتا افراد گھروں کو واپس پہنچے جب کہ 3 کی لاشیں ملیں۔ 2 لاپتا افراد ملک کی مختلف جیلوں میں پائے گئے۔ علاوہ ازیں نمٹائے گئے 7 مقدمات جبری گمشدگی کے کیسز نہیں بنتے تھے۔ کمیشن کو لاپتا افراد کے مجموعی طور پر 9534 مقدمات موصول ہوئے۔ کمیشن کی جانب سے جمع کرائی گئی رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ 31 مارچ تک لاپتا افراد کمیشن نے 7105 مقدمات نمٹائے۔ لاپتا افراد کمیشن کے پاس اس وقت زیرالتوا مقدمات کی تعداد 2370 ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ مارچ میں 47 لاپتا افراد گھروں کو واپس پہنچے جب کہ 3 کی لاشیں ملیں۔ 2 لاپتا افراد ملک کی مختلف جیلوں میں پائے گئے۔ علاوہ ازیں نمٹائے گئے 7 مقدمات جبری گمشدگی کے کیسز نہیں بنتے تھے۔ (بقیہ نمبر 35)

حکومت بوکھلاہٹ کا شکار ہے، سپریم کورٹ نے تاریخ ساز فیصلہ دیا، شہزاد وسیم

اسلام آباد (اسد جعفری سے) سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر شہزاد وسیم کا کہنا ہے کہ حکومت بوکھلاہٹ کا شکار ہے، سپریم کورٹ نے تاریخ ساز فیصلہ دیا، حکومت کا ہر قدم توہین عدالت یا آئین شکن ہے، حکومتی ہتھکنڈوں کے باوجود عدالت ثابت قدم رہی۔ چیئرمین صادق سنجرانی کی زیر صدارت سینیٹ اجلاس ہوا، اجلاس میں پاک (بقیہ نمبر 36)

لائنوں میں کھڑا کرکے اشیائے خورونوش تقسیم کرنا عزت نفس مجروح کرنا قرار

حکومتی فنڈ سے اپنی حکومتی کارکردگی کی تشہیر کرنا کرپٹ پریکٹس اور بددیانتی ہے، لاہور ہائی کورٹ

لاہور (نیوز رپورٹر) ہائی کورٹ نے مفت آٹے کی تقسیم کی تشہیر روکنے کے لیے دائر درخواست کا تحریری حکم جاری کردیا، جس میں کہا گیا ہے کہ لائنوں میں کھڑا کرکے اشیائے خورونوش تقسیم کرنا عزت نفس مجروح کرنا ہے۔ لاہور ہائی کورٹ کے جسٹس شاہد جمیل نے آٹے کی تقسیم سے متعلق درخواست کا تحریری حکم جاری کردیا، جس کے مطابق آئین کا آرٹیکل 14 انسانی عزت وتکریم کی بات کرتا ہے۔ مستحق لوگوں کو اشیائے خورونوش کی فراہمی کا طریقہ کار کے دوران آئین کے آرٹیکل 14 کی خلاف ورزی (بقیہ نمبر 37)

وزیر خزانہ اسحاق ڈار نے امریکا کا دورہ منسوخ کردیا

اسحاق ڈار نے ملکی سیاسی صورتحال کے باعث دورہ امریکا منسوخ کیا

اسلام آباد (اسد جعفری سے) وزیرخزانہ اسحاق ڈار نے امریکا کا دورہ منسوخ کردیا۔ اسحاق ڈار نے ملک میں جاری سیاسی صورتحال کے باعث دورہ امریکا منسوخ کیا۔ وزیرخزانہ اسحاق ڈار نے 10 اپریل سے عالمی بینک اور آئی ایم ایف کے اجلاس میں شرکت کرنا تھی۔ انہوں نے دورے کے دوران یو اے ای حکام سے بھی ملاقاتیں کرنا تھیں۔ اب عالمی بینک اور آئی ایم ایف کے اجلاس میں پاکستانی وفد شریک ہوگا۔ قبل ازیں بتایا گیا تھا کہ وزیرخزانہ اسحاق ڈار رواں ماہ واشنگٹن جائیں گے جہاں وہ (بقیہ نمبر 30)

فیصل آباد میں دو مختلف ٹریفک حادثات میں 2 افراد جاں بحق اور 24 افراد زخمی ہوگئے

فیصل آباد (نیوز رپورٹر) فیصل آباد میں دو مختلف ٹریفک حادثات میں 2 افراد جاں بحق اور 24 افراد زخمی ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق فیصل آباد میں ٹرک کے نیچے آنے سے مزدور جاں بحق ہوگیا، بس اور موٹر سائیکل میں تصادم کے نتیجہ میں ایک شخص جاں بحق اور اسکا بھائی زخمی ہوگیا، زائرین سے بھری کوسٹر الٹنے سے 23 افراد زخمی ہوگئے۔ ریسکیو ترجمان زاہد لطیف نے بتایا کہ جھنگ روڈ پر لکڑ منڈی اتفاق کنڈا کے قریب ٹرک کے ٹائر کے قریب بیٹھا مزدور چالیس سالہ ایم رمضان ولد احمد ساکن 177 (بقیہ نمبر 41)

دعا میرج کنسلٹینسی کی جانب سے پندرہ روزہ نماز تراویح کا اہتمام

تقریب کی مہمان خصوصی دعا میرج کنسلٹینسی کی سی ای او محترمہ شازیہ ظہیر صاحبہ تھیں

اپنے خطاب میں شازیہ ظہیر صاحبہ نے ماہ رمضان کی اہمیت وفضیلت کو اجاگر کیا

راولپنڈی (اسپیشل رپورٹر) دعا میرج کنسلٹینسی کی جانب سے پندرہ روزہ نماز تراویح کا اہتمام کیا گیا تھا گزشتہ رات تکمیل قرآن پاک کے موقع پر فاتحہ خوانی اور دعا کی گئی اس تقریب کی مہمان خصوصی دعا میرج کنسلٹینسی کی سی ای او محترمہ شازیہ ظہیر صاحبہ تھیں۔ اپنے خطاب میں شازیہ ظہیر صاحبہ نے ماہ رمضان کی اہمیت وفضیلت کو اجاگر کیا۔ قرآن پاک کو پڑھنے اور سمجھنے کی تلقین کی اور ساتھ ہی دعا میرج کنسلٹینسی اینڈ ٹریننگ اکیڈمی میں شامل خواتین کی حوصلہ افزائی کی کہ اس ماہ مقدس میں عبادات کے ساتھ ساتھ اپنی پروفیشنل ورکنگ بھی جاری رکھی ہے۔ محترمہ شازیہ ظہیر نے یہ پیغام دیا کہ رشتے کروانا اللہ سبحان تعالیٰ کے نزدیک ایک پسندیدہ ترین عمل ہے اس ماہ رمضان کے مقدس مہینے میں ڈی ایم سی ٹریننگ اکیڈمی کی میچ میکرز نیر شتے جوڑنے کا فریضہ بھی ادا کیا ڈی ایم سی کی ممبرز نے بخوبی انجام دیا محترمہ شازیہ ظہیر نے میچ میکرز کو پیغام دیا کہ وہ فی سبیل اللہ رشتے کروا کر معاشرے میں بڑھتی ہوئی بے راہ روی کو ختم (بقیہ نمبر 42)

سعودی عرب سے پاکستان کو قرض ملنے کی تصدیق کے بعد ڈالر کی قیمت میں کمی کا سلسلہ جاری

کراچی (جنرل رپورٹر) سعودی عرب سے پاکستان کو قرض ملنے کی تصدیق کے بعد ڈالر کی قیمت میں کمی کا سلسلہ جاری ہے۔ آئی ایم ایف قرض پروگرام کی بحالی کے امکانات سے جمعرات کو زرمبادلہ کی دونوں مارکیٹوں میں امید کی کرن پیدا ہوئی اور روپیہ ایک بار پھر استحکام کی جانب گامزن ہوا۔ آج انٹر بینک میں ڈالر ایک روپے 17 پیسے سستا ہوگیا۔ انٹر بینک میں ڈالر 283 روپے (بقیہ نمبر 40)

خیبر پختونخوا پولیس کی شہید اہلکاروں کی بلٹ پروف جیکٹس، ہیلمٹس سے گولیاں آر پار ہونے کی تردید

پشاور (سٹی رپورٹر) خیبر پختونخوا پولیس نے ان میڈیا رپورٹس کی تردید کردی جن میں دعویٰ کیا گیا تھا کہ 3 اپریل کو کوہاٹ حملے میں عسکریت پسندوں کی جانب سے چلائی گئی گولیاں بلٹ پروف جیکٹوں اور ہیلمٹ کے آر پار ہوجانے سے دو پولیس اہلکار شہید ہوگئے تھے۔ رپورٹ کے مطابق فارنزک سائنس لیبارٹری کے ڈائریکٹر وقار احمد نے صحافیوں کو بتایا کہ ہمارے (پولیس) اہلکاروں نے (بقیہ نمبر 39)

پنجاب اور KPK ازخود نوٹس کیس، جسٹس اطہر من اللہ کا تفصیلی نوٹ جاری

درخواست پر جس طرح کارروائی شروع کی گئی اس سے عدالت تنازعات کا شکار ہوئی

سپریم کورٹ سمیت تمام اداروں کو انا ایک طرف رکھ کر اپنی آئینی ذمہ داریاں پوری کرنی چاہیے، تفصیلی نوٹ

اسلام آباد (نامہ نگار) پنجاب اور خیبر پختونخوا انتخابات ازخود نوٹس پر سپریم کورٹ کے ایک اور جج نے تفصیلی نوٹ جاری کردیا۔ تفصیلات کے مطابق پنجاب اور خیبر پختونخوا انتخابات ازخود نوٹس پر سپریم کورٹ کے جسٹس اطہر من اللہ نے تفصیلی نوٹ جاری کیا ہے، تفصیلی نوٹ 25 صفحات پر مشتمل ہے۔ تفصیلی نوٹ میں کہا گیا ہے کہ درخواست پر جس طرح کارروائی شروع کی گئی اس سے عدالت تنازعات کا شکار ہوئی، کارروائی شروع کرنے سے سیاسی اسٹیک ہولڈرز کو عدالت پر اعتراض اٹھانے کی دعوت دی گئی۔ عدالتی کارروائی کے دوران میں عدالت میں اعتراضات داخل کرائے گئے (بقیہ نمبر 38)

لاہور: لاہور ہائیکورٹ نے اشیائے ضروریہ کی تقسیم کی تشہیر روکنے کا حکم دیدیا

DMC
WELCOME TO DUA MARRIAGE CONSULTANCY

دعا میرج کنسلٹینسی کی جانب سے پندرہ روزہ نماز تراویح کا اہتمام کیا گیا تھا گزشتہ رات تکمیل قرآن پاک کے موقع پر فاتحہ خوانی اور دعا کی گئی

نجی ایئر لائن کی پرواز میں فنی خرابی، متعدد مسافروں کی طبیعت بگڑ گئی

مسافروں کی طبیعت پرواز میں فنی خرابی کے باعث اے سی بند ہونے سے ہوئی

کراچی (سٹی رپورٹر) نجی ایئر لائن کی پرواز میں فنی خرابی کے باعث اے سی بند ہوگیا، متعدد مسافروں کی طبیعت بگڑ گئی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق کراچی سے اسلام آباد کی پرواز میں فنی خرابی کے باعث اے سی بند ہو گیا جس کے بعد مسافروں کی طبیعت بگڑ گئی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ٹیکسی کے دوران طیارے میں فنی خرابی پیدا ہوئی۔ طیارے میں تکنیکی خرابی کے باعث اے سی بھی بند ہوگیا۔ نجی ایئر لائن کی پرواز دوپہر 12 بجے شیڈول تھی، طیارے کا اے سی بند ہونے سے متعدد مسافروں کی طبیعت بگڑ گئی۔ پرواز میں 160 سے زائد مسافر سوار تھے۔ سول ایوی ایشن ذرائع کے مطابق ممکنہ طور پر طیارے کے (بقیہ نمبر 43)

اینٹی کرپشن نے ریسکیو 1122 میں مبینہ کرپشن کی انکوائری بند کردی

لاہور (سٹی رپورٹر) اینٹی کرپشن نے ریسکیو 1122 میں مبینہ کرپشن کی انکوائری بند کردی۔ ذرائع کے مطابق محکمہ اینٹی کرپشن کی جانب سے ریسکیو 1122 میں مبینہ کرپشن کی (بقیہ نمبر 44)

باڑہ حاجی معروف آفریدی کی خصوصی ہدایت

معروف کاروان روزگار پروگرام آج بھی جاری وساری۔ الحمداللہ

ضلع خیبر (اکبر آفریدی) باڑہ حاجی معروف آفریدی کی خصوصی ہدایت پر معروف کاروان روزگار پروگرام آج بھی جاری وساری۔ الحمداللہ اس ضمن میں مشترکہ آفریدیا قوام عزیز مارکیٹ فقیر اباد حاجی ظاہر شاہ افریدی حجرہ پر ووکیشنل سنٹر کا افتتاح کیا گیا۔ جس میں غریب اور بیوہ خواتین کو سلائی کڑھائی سکھائی جائی گی اس موقع پر معروف کاروان مشترکہ اقوام صدر ہارون الرشید اور دیگر زمہ داران نے (بقیہ نمبر 45)

معروف کاروان روزگار پروگرام آج بھی جاری وساری۔ الحمداللہ

جائیداد کی قدر کو آمدنی سمجھنا وفاقی دائرہ اختیار سے باہر ہے، لاہور ہائیکورٹ

جمیل شاہد خان نے کہا کہ آرڈیننس کے سیکشن 7ای (2)(d) کی شق (i)، (iii) اور (iv) کے تحت لوگوں کو چھوڑنا امتیازی سلوک ہے

آرڈیننس کے تحت بعض افراد کو، مثال کے طور پر شہدا اور ان کے زیر کفالت افراد اور سابق فوجیوں کو چھوڑنا امتیازی سلوک ہے

عدالت نے انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے سیکشن ای-7 کے تحت غیر منقولہ جائیدادوں سے متوقع آمدن پر ٹیکس کو آئین کے خلاف قرار دیا

لاہور (نامہ نگار) لاہور ہائی کورٹ نے انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے سیکشن ای-7 کے تحت غیر منقولہ جائیدادوں سے متوقع آمدن پر ٹیکس کو آئین کے خلاف قرار دیا ہے، یعنی یہ دائرہ کار سے متجاوز اور اختیار سے باہر ہے۔ فیصلے میں قرار دیا گیا کہ غیر منقولہ جائیداد کی مارکیٹ ویلیو کو آمدنی سمجھنا وفاقی مقننہ کی اہلیت سے باہر ہے۔ رپورٹ کے مطابق 50 صفحات پر مشتمل فیصلے میں جسٹس شاہد جمیل خان نے یہ بھی قرار دیا کہ آرڈیننس کے تحت بعض افراد کو، مثال کے طور پر شہدا اور ان کے زیر کفالت افراد اور سابق فوجیوں کو چھوڑنا امتیازی سلوک ہے اور آئین کے آرٹیکل 25 کی خلاف ورزی ہے، جس کے مطابق تمام شہری قانون کے سامنے برابر ہیں اور قانون کے مساوی تحفظ کے حقدار ہیں۔ فیصلے میں غیر منقولہ جائیداد پر انکم ٹیکس لگانے کی وفاقی مقننہ کی اہلیت کا جائزہ لیا گیا۔ فیصلے میں جسٹس شاہد جمیل خان نے ٹیکس دہندگان کی ایک ہزار سے زائد درخواستوں کو منظور کیا جس میں وفاقی حکومت کی ٹیکس عائد کرنے کی قانون سازی (بقیہ نمبر 48)

راولپنڈی میں پونے پانچ کروڑ روپے کی ڈکیتی کا مقدمہ درج

مقدمہ تاجر شیخ اقبال حسین کی مدعیت میں درج کیا گیا، پولیس نے تحقیقات شروع کردی

راولپنڈی (خبر نگار) تھانہ روات کے علاقے میں نجی سوسائٹی میں 4 کروڑ 75 لاکھ روپے کی ڈکیتی کا مقدمہ پولیس نے تاجر شیخ اقبال حسین کی مدعیت میں درج کرلیا۔ مقدمہ ڈکیتی کی دفعہ 392 ت پ کے تحت درج کیا گیا ہے۔ مدعی مقدمہ کے مطابق میں نجی ہاؤسنگ سوسائٹی میں فیملی کے ساتھ رہائش پذیر ہوں۔ صدر آفس سے ڈرائیور تفسیر کو نیلے رنگ کا بیگ جس میں 4 کروڑ 75 لاکھ کی رقم تھی، دے کر گھر بھجوایا۔ ڈرائیو گھر پہنچا اور گاڑی سے اتر کر رقم والا بیگ لیے گھر کے اندر جانے لگا کہ اچانک 2 موٹر سائیکل سوار، جنہوں نے بائیکیا والے ہیلمٹ پہن رکھے تھے آگئے اور دونوں نے اسلحہ کی نوک پر ڈرائیور سے بیگ جس میں 4 کروڑ 75 لاکھ روپے کی رقم تھی چھین کر فرار ہوگئے۔ مقدمے کے متن میں بتایا گیا ہے کہ ڈرائیور نے اطلاع دی تو میں بھی گھر آ گیا۔ ملزمان نے واردات کرکے سخت زیادتی کی۔ مقدمہ درج کرکے رقم برآمد کرائی جائے۔ دوسری جانب پولیس کا کہنا ہے کہ مقدمہ درج کرکے تفتیش (بقیہ نمبر 47)

اسموگ تدارک کیس، لاہور میں عید تک مارکیٹیں اور دکانیں رات 1 بجے تک کھولنے کی اجازت

لاہور (اسپیشل رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے شہر میں عیدالفطر تک مارکیٹیں اور دکانیں رات ایک بجے تک کھولنے کی اجازت دے دی۔ تفصیلات کے مطابق لاہور ہائیکورٹ میں سموگ کے تدارک سے متعلق درخواستوں پر سماعت ہوئی، جسٹس شاہد کریم نے درخواستوں پر سماعت کی۔ عدالت نے عیدالفطر تک مارکیٹیں رات ایک بجے تک (بقیہ نمبر 46)

دیامیر بھاشا ڈیم میں بارودی مواد پھٹنے سے 4 افراد جاں بحق، 8 شدید زخمی

بارودی مواد پھٹنے کا واقعہ کام کے دوران پیش آیا جس کے زخمیوں کی حالت بھی نازک ہے

واقع دیامیر بھاشا ڈیم کے تعمیراتی کام کے دوران بارودی مواد پھٹنے کا واقعہ پیش آیا ہے، جس کے سبب چار افراد ہلاک ہوگئے ہیں

گلگت بلتستان (خبر نگار) دیامیر بھاشا ڈیم منصوبے میں کام کے دوران بارودی مواد پھٹنے سے چار افراد جاں بحق اور آٹھ شدید زخمی ہوگئے۔ گلگت میں واقع دیامیر بھاشا ڈیم کے تعمیراتی کام کے دوران بارودی مواد پھٹنے کا واقعہ پیش آیا ہے، جس کے سبب چار افراد ہلاک ہوگئے ہیں اور زخمیوں کی تعداد بھی آٹھ تک بتائی جارہی ہے جو کہ شدید زخمی حالت میں ہیں۔ اطلاعات کے مطابق زخمیوں اور لاشوں کو اسپتال منتقل کردیا گیا ہے۔ دیامیر بھاشا ڈیم منصوبے میں کام کے دوران بارودی مواد پھٹنے سے چار افراد جاں بحق اور آٹھ شدید زخمی ہوگئے۔ گلگت میں واقع دیامیر بھاشا ڈیم کے تعمیراتی کام کے دوران بارودی مواد پھٹنے کا واقعہ پیش آیا ہے، جس کے سبب چار افراد ہلاک ہوگئے ہیں اور زخمیوں کی تعداد بھی آٹھ تک بتائی جارہی ہے جو کہ شدید زخمی حالت میں ہیں۔ اطلاعات کے مطابق زخمیوں اور لاشوں کو اسپتال منتقل کردیا گیا ہے۔ دیامیر بھاشا ڈیم منصوبے میں کام کے دوران بارودی مواد پھٹنے سے چار افراد جاں بحق (بقیہ نمبر 53)

دوسروں کی مدد کرنے والے معاشرے کے ماتھے کا جھومر ہیں، مظہر الحق

نوجوان اپنی دنیاء وآخرت سنوارنے کیلئے ہمارا ساتھ دیں، راجہ عامر

(منہاج ویلفیئر فاؤنڈیشن کی طرف سے مستحق گھرانوں میں راشن بیگز کی تقسیم)

راولپنڈی (نیوز رپورٹر) منہاج ویلفیئر فاؤنڈیشن کے ضلعی ڈائریکٹر مظہر الحق نے کہا ہے کہ معاشی بدحالی کے اس دور میں دوسروں کی مدد کرنے والے معاشرے کے ماتھے کا جھومر ہیں، منہاج ویلفیئر فاؤنڈیشن دنیاء بھر میں صحت، تعلیم اور فلاح عامہ کے میدانوں میں نمایاں خدمات سرانجام دے رہی ہے، راولپنڈی میں غریب بچیوں کی شادیاں، غریب طلبہ کو تعلیمی وظائف، بیواہ خواتین کی ماہانہ مالی مدد، فری آئی کیمپس، دستکاری سینٹرز، معذور افراد کو ویل چیئرز کی فراہمی اور غمی خوشی کے موقعوں پر کیٹرنگ کے سامان کی مفت فراہمی اور مفت لائبریریوں جیسے منصوبہ جات چلا رہے ہیں، اہل ثروت افراد (بقیہ نمبر 49)

ام المومنین عائشہ صدیقہؓ کا یوم وفات ہفتے کو انتہائی عقیدت واحترام سے منایا جائے گا

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) ام المومنین عائشہ صدیقہؓ کا یوم وفات آج (17 رمضان المبارک، 8 اپریل) ملک بھر میں نہایت عقیدت واحترام سے منایا جائے گا۔ نبی کریم کو آپ سے بے حد محبت تھی، آپ بہت بڑی فقیہہ اور سینکڑوں احادیث کی حافظ تھیں۔ آپؓ کو کم وبیش 10 سال تک فخر موجودات، سرور کائنات، سرکار دوعالم، نبی (بقیہ نمبر 51)

نقب زنی کی وارداتوں میں ملوث 02 ملزمان گرفتار کر لئے

مسروقہ رقم 35 ہزار روپے، 02 موبائل اور 02 پسٹل برآمد کر لئے دھمیال پولیس

ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، ایس پی صدر

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) دھمیال پولیس کی کاروائی نقب زنی کی وارداتوں میں ملوث 02 ملزمان گرفتار کر لئے۔ گرفتار ملزمان سے مسروقہ رقم 35 ہزار روپے، 02 موبائل اور 02 پسٹل برآمد کر لئے۔ ملزمان کی شناخت عمران اور مقبول کے ناموں سے ہوئی۔ ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر نے تھانہ دھمیال پولیس کو شاباش دی اور اس موقع پر انہوں نے کہا ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ شہریوں کو انکے قیمتی اثاثے سے محروم کرنے والے ملزمان قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

صوابی کے علاقہ شیرہ غنڈ میں فائرنگ کے نتیجے میں ایک شخص زخمی ہوگیا

پشاور (نیوز رپورٹر) صوابی کے علاقہ شیرہ غنڈ میں فائرنگ کے نتیجے میں ایک شخص زخمی ہوگیا۔ میڈیا کوارڈینیٹر ریسکیو 1122 صوابی کے مطابق گاؤں شیرہ غنڈ کے مقام پر نامعلوم وجوہات کی بنا پر مبینہ طور پر گولی لگنے سے ایک شخص زخمی ہوگیا (بقیہ نمبر 54)

سیالکوٹ پولیس، جعلی اشٹام تیار کرکے بجلی کا میٹر اپنے نام منتقل کروانے پر ایک شخص گرفتار

سیالکوٹ (نیوز رپورٹر) سیالکوٹ پولیس نے جعلی اشٹام تیار کرکے بجلی کا میٹر اپنے نام منتقل کروانے پر ایک شخص کو گرفتار کرلیا ہے۔ سیالکوٹ کی تحصیل سمبڑیال کے شہری محمد احمد کی درخواست پر ایس ڈی او کے احکامات پر تھانہ سمبڑیال پولیس نے (بقیہ نمبر 52)

ماہ رمضان کے دوران راولپنڈی کے ہر گلی محلے میں صفائی یقینی بنائی جائے، جد صفدر

جو وسائل موجود ہیں ان کا بہتر استعمال کرکے مسائل کو حل کیا جائے، راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی

راولپنڈی (خصوصی رپورٹر) چیف ایگزیکٹو آفیسر راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی رانا ساجد صفدر نے کہا ہے کہ ماہ رمضان کے دوران راولپنڈی کے ہر گلی محلے میں صفائی یقینی بنائی جائے، جو وسائل موجود ہیں ان کا بہتر استعمال کرکے مسائل کو حل کیا جائے، شہر کے بیشتر حصوں سے کچرا ختم ہو رہا ہے لیکن ابھی بہت کام باقی ہے، صفائی ایک مسلسل عمل ہے جسے ہمہ وقت جاری رکھنا ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز کمپنی افسران سے بات چیت کرتے ہوئے کیا، سی ای او رانا ساجد صفدر نے متعلقہ (بقیہ نمبر 50)

راولپنڈی: راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے ایماندار ورکرز رمضان کے دوران شہر کی مختلف شاہراہوں کی صفائی یقینی بنانے میں مصروف ہیں

سینٹورس مال کے ملازمین پر تشدد کا الزام، وزیراعظم آزاد کشمیر کے بیٹے کے وارنٹ گرفتاری جاری

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) سینٹورس مال کے ملازمین پر تشدد کرنے کے الزام میں ملزم کی گرفتاری کے لیے وارنٹ موصول ہو گئے۔ اس حوالے سے رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ وزیراعظم آزاد کشمیر سردار تنویر الیاس کے بیٹے عمر تنویر کی وارنٹ گرفتاری پولیس نے حاصل کرلیے۔ مارگلہ پولیس نے ڈیوٹی جج محمد نوید خان کی عدالت سے وارنٹ (بقیہ نمبر 56)

قومی اسمبلی کے سپیکر و ڈپٹی سپیکر کا سانحہ گیاری کے شہداء کو خراج عقیدت

تاریخی ریسکیو آپریشن میں حصہ لینے والے پاک فوج کے جوانوں کے ہمت وحوصلے کی مثال نہیں ملتی

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) قومی اسمبلی کے سپیکر راجہ پرویز اشرف اور ڈپٹی اسپیکر زاہد اکرم درانی نے سانحہ گیاری (سیاچن) کی شہداء کی 11 ویں برسی پر خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ جمعہ کو اپنے الگ الگ بیانات میں انہوں نے کہا کہ برفانی تودہ گرنے کے باعث وطن کی حفاظت پر مامور جوانوں اور شہریوں کے جانی نقصان نے پوری قوم کو افسردہ کیا۔ وطن کے بہادر سپوتوں کی یاد آج بھی ہمارے دلوں میں تازہ ہے۔ شہداء کے عزم وہمت اور وطن پر قربان ہوجانے کے جذبے کو سلام پیش کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ تمام شہداء کے درجات بلند فرمائے۔ تاریخی ریسکیو آپریشن میں حصہ لینے والے پاک فوج کے جوانوں کے ہمت و حوصلے کی مثال نہیں ملتی۔ انہوں نے کہا کہ پوری قوم سکیورٹی اہلکاروں کی حفاظت کے لیے دعا گو ہے۔ جمعہ کو اپنے الگ الگ بیانات میں انہوں نے کہا کہ برفانی تودہ گرنے کے باعث وطن کی حفاظت پر مامور جوانوں اور شہریوں کے جانی نقصان نے پوری قوم کو افسردہ کیا۔ وطن کے بہادر سپوتوں (بقیہ نمبر 55)

لاہور: جسٹس اطہر من اللہ نے بھی 90 دن کے اندر الیکشن کے اصول کو تسلیم کیا ہے، فواد چودھری

پروفیسر ڈاکٹر ظل ہما ناز گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کا پرووائس چانسلر مقرر کردیا گیا

فیصل آباد (جنرل رپورٹر) پروفیسر ڈاکٹر ظل ہما ناز کو گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کا پرووائس چانسلر مقرر کیا گیا ہے۔ یہ اہم نشست سابق وائس چانسلر ڈاکٹر شاہد کمال کی ٹریفک حادثہ میں ہلاکت کے بعد سے خالی تھی۔ فیصل آباد چیمبر آف کامرس (بقیہ نمبر 57)

ضمنی الیکشن کے لئے مسلم لیگ ن نے میدان کھلا چھوڑ دیا

پارٹی قیادت کے حکم پر میاں طاہر جمیل نے کاغذات نامزدگی واپس لے لئے

فیصل آباد (نیوز رپورٹر) فیصل آباد شہر کے حلقہ این اے 108 میں 30 اپریل کو ہونے والے ضمنی الیکشن کے لئے مسلم لیگ ن نے میدان کھلا چھوڑ دیا۔ پارٹی قیادت کے حکم پر میاں طاہر جمیل نے کاغذات نامزدگی واپس لے لئے۔ الیکشن کمیشن نے باقی 3 امیدواروں کو انتخابی الاٹ کر دیئے جن میں تحریک انصاف کے میاں فرخ حبیب کو انتخابی نشان بلا، تحریک لبیک پاکستان کے محمد سجاد اختر قادری کو کرین اور پاکستان نظریاتی پارٹی کے خرم شہزاد کو ریلوے انجن کا انتخابی نشان الاٹ کیا گیا ہے۔

سیالکوٹ پولیس، جعلی اشٹام تیار کرکے بجلی کا میٹر اپنے نام منتقل کروانے پر ایک شخص گرفتار

سیالکوٹ (خبر نگار) سیالکوٹ پولیس نے جعلی اشٹام تیار کرکے بجلی کا میٹر اپنے نام منتقل کروانے پر ایک شخص کو گرفتار کرلیا ہے۔ سیالکوٹ کی تحصیل سمبڑیال کے شہری محمد احمد کی درخواست پر ایس ڈی او کے احکامات پر تھانہ سمبڑیال پولیس (بقیہ نمبر 59)

ناقص صفائی پر کے پی میں پانچ بیکری یونٹس بند کردیے گئے

خیبر پختونخوا فوڈ سیفٹی اینڈ حلال فوڈ اتھارٹی کی ضلع دیراپر اور صوابی میں کارروائی

صوبے کے تمام اضلاع میں ملاوٹ مافیا کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں، شاہ رخ علی خان

پشاور (جنرل رپورٹر) خیبر پختونخوا فوڈ سیفٹی اینڈ حلال فوڈ اتھارٹی نے ضلع دیراپر اور صوابی میں کریک ڈاؤن کرتے ہوئے پانچ بیکری یونٹس بند کر دیے۔ ترجمان فوڈ اتھارٹی کے مطابق فوڈ سیفٹی ٹیموں نے مختلف کریانہ، ہول سیل اور میٹ شاپس، بیکری پروڈکشن یونٹس اور ہوٹلز کا معائنہ کیا۔ ناقص صفائی، نان فوڈ گریڈ کلر اور گندے انڈوں کے استعمال پر دیراپر میں تین اور صوابی میں دو بیکری پروڈکشن یونٹس سربمہر کیے گئے۔ صوابی فوڈ سیفٹی ٹیم نے ایک ہول سیل شاپ سے 720 کلوگرام مس لیبل گھی برآمد کرکے ضبط بھی کیا۔ ڈائریکٹر جنرل فوڈ اتھارٹی شاہ رخ علی خان کا کہنا ہے کہ صوبے کے تمام (بقیہ نمبر 61)

75 لاکھ مستحق خاندانوں کو بینظیر کفالت کے تحت 8500 روپے کی سہ ماہی قسط کی ادائیگی

بینظیر کفالت کے سہ ماہی وظائف کیساتھ ساتھ مستحق خاندانوں کو بینظیر تعلیمی وظائف کی سہ ماہی قسط بھی ادا کی جارہی ہے

تعلیمی وظائف ایسے خاندانوں کو دیئے جاتے ہیں جن کے بچے تعلیمی وظائف میں رجسٹرڈ ہیں اور انکی حاضری 70 فیصد سے زیادہ ہے

اسلام آباد (خبر نگار) بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کی جانب سے ملک بھر میں بینظیر کفالت کے تحت 90 لاکھ رجسٹرڈ مستحق خاندانوں کو جنوری تا مارچ کے سہ ماہی وظائف کی ادائیگی کی جا رہی ہے۔ اب تک 75 لاکھ خاندانوں کو اضافہ شدہ 8500 روپے کی ادائیگی کی جا چکی ہے۔ بینظیر کفالت کے سہ ماہی وظائف کیساتھ ساتھ مستحق خاندانوں کو بینظیر تعلیمی وظائف کی سہ ماہی قسط بھی ادا کی جارہی ہے۔ تعلیمی وظائف ایسے خاندانوں کو دیئے جاتے ہیں جن کے بچے تعلیمی وظائف میں رجسٹرڈ ہیں اور انکی حاضری 70 فیصد سے زیادہ ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ حکومت سندھ کی جانب سے اعلان کردہ آٹا سبسڈی کے 2000 روپے فی خاندان کی تقسیم بھی جاری ہے۔ بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے پاس رجسٹرڈ کل 64 لاکھ مستحق خاندانوں میں (بقیہ نمبر 58)

گوجرانوالہ: موٹر سائیکل کی بیریئر سے ٹکر، کانسٹیبل سمیت 2 افراد جاں بحق

گوجرانوالہ (جنرل رپورٹر) پنجاب کے ضلع گوجرانوالہ میں نواب چوک کے قریب ایک تیز رفتار موٹر سائیکل پولیس بیریئر سے ٹکرا گئی۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق حادثے میں پولیس کانسٹیبل سمیت 2 افراد جاں بحق ہو گئے۔ ریسکیو ذرائع نے بتایا ہے کہ ریسکیو اہلکاروں نے لاشوں کو ڈی ایچ (بقیہ نمبر 60)

فیصل آباد، دو ماہ میں 44 گینگ ٹریس، 136 ملزم گرفتار،

چوری شدہ 39 کاریں، 2 ٹرک، 199 موٹر سائیکل، 27 مویشی، 119 موبائل فون برآمد

فیصل آباد (کرائم رپورٹر) سٹی پولیس نے گزشتہ دو ماہ کے دوران فیصل آباد میں 44 گینگ ٹریس کرکے ان کے 136 ملزم گرفتار لئے اور ان کے قبضے سے 39 کاریں، 2 ٹرک، 1 ویگن، 1 کیری ڈبہ، 199 موٹر سائیکل، 27 مویشی، 119 موبائل فون برآمد کیے۔ برآمد شدہ مال مالکان کے حوالے کرنے کے سلسلہ میں آج پولیس لائنز میں ایک تقریب تقسیم مال مسروقہ / بازیافتہ کا انعقاد کیا (بقیہ نمبر 62)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی
سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ
روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035